دیوان محمدی

نیست جز مصطفٰے مرا در کار
ہست در دو جہاں محمدؐ یار


تصنیف

سلطان الکاملین حجۃ العارفین عبدالنبی المختار حضرت خواجہ محمد یار فریدی قدس سرہ

باغِ فریدؒ کے بُلبلِ فرید

حضرت خواجہ محمد یار فریدی قدس سرہ العزیز، عظیم صوفی شاعر حضرت خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ کے دبستانِ درد اور مکتبِ عینیت کے فرد ہیں۔ اور ان کا دیوانِ نعت و منقبت دیکھ کر مجھے حیرت ہوئی ہے۔ نظریہ وحدت الوجود کے ترجمان صوفیائے کرام نے صرف ذاتِ واجب ہی کی محبت کے نغمے چھیڑے ہیں اور ایسے نغمات میں کہیں کہیں خواجہ باقی باللہ، مولٰنا جامی، بابا بلھے شاہ، شاہ لطیف، رحمان بابا اور خواجہ غلام فرید جیسے بزرگوں نے "احدِ بلا میم" کی بات بھی کی ہے۔ مگر نعت و منقبت میں نظریۂ وحدت الوجود کا برملا اظہار جس طرح خواجہ محمد یار فریدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اس کی کوئی دوسری مثال میری نظر سے نہیں گزری دورِ موجود کے لوگوں کو نعت و منقبت کا یہ انداز چونکائے گا کہ اب نعت و منقبت زیادہ تر سیرت و کردار کے حوالوں سے لکھی جا رہی ہے جبکہ اس نعت و منقبت کی بنیاد نظریہ وحدت الوجود ہے اور وہ حدیث جس میں نورِ محمدی کے نورِ الٰہی سے تخلیق ہونے اور پھر نورِ محمدی سے لوح و قلم عرش و کرسی اور کائنات انسانی کے وجود میں آنے کا بیان ہے یوں الوہیت، رسالت اور سلاسلِ ہدایت ایک ہی گلشن کے پھول نظر آنے لگتے ہیں ان نظریات سے قطع نظر، کلام میں درد کی تفصیل نے پتھر دلوں کو بھی رُلا دینے والی تاثیر پیدا کی ہے اور یہ اعجاز صرف عُرفا ہی کا حصہ ہے۔


پروفیسر
حفیظ تائب
پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج



شبیہ مُبارک

حضُورِ پرنور عبد النّبی المختار حضرت خواجہ محمّد یار فریدی قدّس سِرّہُ العزیز


تواریخِ عُرس: ۱۲ تا ۱۴ رجب المرجب



شبیہ مُبارک

مرشدِ کامل، عبدُالنّبی المالک حضرت خواجہ غُلام نازک کریم محمدی فریدی قُدِّس سِرّہُ العزیز


تواریخِ عرس: ۲۲ تا ۲۴ مُحرم الحرام




آستانۂ عالیہ دربارِ محمّدیہ کی جدید تعمیر



آستانۂ عالیہ دربارِ محمدیہ کی جدید تعمیر



آستانہ عالیہ دربارِ محمدیہ کا منظر



خواجہ غلام قطب الدین فریدی
سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت خواجہ محمد یار فریدیؒ
گڑھی شریف ضلع رحیم یار خاں

طلب کی باس

اشفاق احمد

روہی کے ایک چکارے کی تلاش میں میں نے اپنی زندگی کے کئی سال صرف کر دیئے ہیں لیکن ابھی تک اس کا کوئی اور چھور نہیں مل سکا۔ نقوش پا کا مل جانا منزل کے ملنے کی نوید نہیں ہوتا۔ اسرار گم گشتہ کے اشارے مسافت طے کرنے میں مدد نہیں دیتے۔ الفاظ و معانی اور بیان و کلام کی وضاحت سے فاصلے ختم نہیں ہوتے۔ معلوم سے جھولی بھر جاتی ہے لیکن لامعلوم کا سراغ نہیں ملتا اور دیوان محمدی اس حقیقت کی گواہی فراہم کر رہا ہے کہ اس کلام کے پوشیدہ اسرار، علم و حکمت کے رموز اور تہہ در تہہ معانی کی بنا خواجہ محمد یار فریدیؒ کا علم و ہنر، گن گیان اور حکمت و دانش نہیں بلکہ مرشد کے نصف قطر میں گزارا ہوا وہ وقت ہے جو اس عظیم شاعر، فلسفی، صوفی، فقیر کے گیان ساگر کے وجود میں آنے کا باعث بن گیا ہے۔

ایک استاد ایک دانشور ایک مولوی آپ کو خدا کے بارے میں، مذہب کے بارے میں، حق اور سچ کے بارے میں مدلل اور طول و طویل لیکچر دے سکتا ہے۔ پیچیدہ نکتے سمجھا سکتا ہے مگر ایک گرو ایسے نہیں کرتا۔ وہ اپنا آپ کھول کر آپ کے سامنے رکھ دیتا ہے اور آپ آگے بڑھ کر اس کے اندر سے حق اور سچ کا تحفہ اٹھا لیتے ہیں لیکن حق اور سچ کا یہ تحفہ اٹھانے کے لیے آپ کو چاچڑاں شریف کا سفر کرنا پڑتا ہے۔

مرشد کے دائرے میں رہ کر آپ کسی کی بھی شاگردی کر لیں، کسی سے علم حاصل کریں، کسی سے درس لے لیں عطا مرشد ہی کے سیٹلائیٹ سے ہوتی ہے، حکم اس کا چلتا ہے .بیٹری اسی کی بیعت سے چارج ہوتی ہے۔ لیکن ------- کسی گرو کا قائل ہونا یا اس کا گرویدہ ہونا یا اس کے سامنے اپنے آپ کو پامال کرنا بڑا مشکل کام ہے کیونکہ یہ انا اور تکبر کی موت ہے۔

سپردگی ایک اعتراف ہے، ایک اقرار ہے، ایک عہد نامہ ہے کہ میں نے اپنا آپ تیرے حوالے کیا اب جو جی چاہے اس کے ساتھ کرو، جیسے چاہو استعمال میں لاؤ، جہاں

چاہو پھینک دو' بالکل اسی طرح جس طرح آج کا پڑھا لکھا تعلیم یافتہ ماڈرن انسان اپنے آپ کو سرجن کے حوالے کر دیتا ہے کہ جدھر سے چاہو چیر دو' جہاں من چاہے پھاڑ دو' جیسے دل کرے نشتر چلاؤ مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا- میرا سارا وجود' سارا جسم' میری روح میری انا' میری شخصیت سب کچھ آپ کے حوالے ہے- میں اپنے آپ کو آپ کے سپرد کرتا ہوں اور خوش دلی کے ساتھ سپرد کرتا ہوں ------ لیکن تصوف میں بے ہوش نہیں کیا جاتا اس لیے تصوف کا آپریشن تکلیف دہ اور درد انگیز ہے' اس میں بڑا دکھ اٹھانا پڑتا ہے' مرشد تمھارے وجود کے اور تمھاری انا کے گلے سڑے' سالخوردہ' صحت مند اور تازہ حصے کاٹ کاٹ کر پرے پھینکتا جاتا ہے' تم درد سے کراہتے ہو' اپنی بیچارگی پر آنسو بہاتے ہو' روتے ہو' چلاتے ہو لیکن ڈیرے کے آپریشن روم سے بھاگ کر دائرے سے باہر نہیں نکلتے ہو-

مرشد بڑا ظالم ہوتا ہے وہ ایک حد تک تو طالب کی مدد کرتا ہے' ایک مقام تک تو مرید کا مددگار بن کر رہتا ہے لیکن جب وہ آپ کو بارگاہ خداوندی کی چوکھٹ پر لے جاتا ہے تو آپ کو اندر دھکیل کر خود دروازے سے باہر رہ جاتا ہے اور جب آپ پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں تو وہ واپس جا چکا ہوتا ہے وہ آپ کو اور خدا کو' بندے کو اور آقا کو اکیلے میں چھوڑنے کا قائل ہے' وہ اس ملاقات میں خود معتبر بن کر ساتھ نہیں بیٹھ جاتا' فوٹو چھپوانے کے لیے' اخباری بیان جاری کرنے کے لیے' اپنی شوبھا بنانے کے لیے' وہ تو اپنا سب کچھ مرید کے حوالے کر کے جا چکا ہوتا ہے سب کچھ اسے عطا کر کے دور نکل گیا ہوتا ہے اسی لیے تو لوگوں کو خواجہ محمد یار فریدیؒ کا کلام پڑھتے ہوئے حیرانی ہوتی ہے کہ اس میں حضرت خواجہ غلام فرید کا لحن کدھر سے آگیا- ان کی ادائی کی گونج کدھر سے آگئی- ان کی سوچ کا ارتعاش کیسے شامل ہوگیا! جب مرشد کسی مرید سے (کسی وجہ سے!) خوش ہوتا ہے تو اس کو بتائے بغیر' جتائے بغیر' سنائے بغیر اتنا کچھ عطا کر جاتا ہے کہ اسے اپنے کھل سم سم دروازے کا علم ہی نہیں ہوتا جو ہمہ وقت اس کے لیے کھلا رہتا ہے-

خواجہ محمد یار فریدیؒ کے وجود پر اس کے غیاب میں' اس کے حضور میں' اس

کے اپنے زمانے میں، آج کے عہد میں اس کے مرشد کی عطا کا ترشح اسی طرح سے جاری رہے گا۔ یہ جو ان کی صوفیانہ تعلیمات اور روحانی اقدار ان کے آداب گفتار کے قرینے اور ان کے تبحر علمی کے نمونے ان کی شاعری کے آئینے میں نظر آتے ہیں تو اکتسابی علوم اور مدرسے کی تربیت کی بنا پر نہیں بلکہ اس مہکار کی بدولت ہیں جو مرشد کے لمس سے پیدا ہوئی ہے۔

روہی کے اس چکارے کو عقل و دانش، اظہار و اسلوب، عرفان حق یا تلاوت الوجود کی جدول اور وجدان کی اصطرلاب سے تلاش نہیں کیا جاسکتا، اس کے لیے صحرا کے عاشقوں نے ایک اور ہی اصول طے کر رکھا ہے کہ۔

مشام تیز سے صحرا میں ملتا ہے سراغ اس کا
ظن و تخمیں سے ہاتھ آتا نہیں آ ہوئے تاتاری

اشفاق احمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھو المحمد جل مجدہ

نیست جز مصطفٰے مرا در کار

ما مستیم در دو جہاں محمد یار

دیوانِ محمدی

موسوم بہ

انوارِ فریدی

تصنیف

سلطان الکاملین حجۃ العاشقین عبد النبی المختار حضرت خواجہ محمد یار فریدی قدس سرہ

باہتمام

خواجہ غلام قطب الدین سجادہ نشین

آستانہ عالیہ دربارِ محمدیہ گڑھی شریف

تحصیل خان پور ضلع رحیم یار خان

نام کتاب .... دیوانِ محمدی

مصنف .... حضرت خواجہ محمد یار رحمتہ اللہ علیہ

ناشر .... خواجہ غلام قطب الدین

سجادہ نشین آستانہ عالیہ گڑھی شریف

کتابت .... محمد عبدالرحمٰن سدیدی معظمی چشتی لاہور

مطبع .... المکتبۃ العربیہ لاہور

بار .... ششم ستمبر 1998ء' جمادی الثانی 1419ھ

تعداد .... گیارہ سو' 1100

سائز .... 8=23x18

قیمت ....

☆

ملنے کا پتہ

تقدیم

اس حقیقت کو سبھی تسلیم کرتے ہیں کہ برصغیر پاک و ہند میں اسلام کا فروغ و ارتقاء صوفیائے کرام کا مرہون منت ہے۔ نفوس قدسیہ کے اس کاروان عشق و آگہی میں کچھ شعرائے عظام بھی شامل رہے۔ ان شعراء میں خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ (وصال 1901) بہت ممتاز و منفرد ہیں کہ انہوں نے صوفیانہ شاعری کو انتہائے کمال تک پہنچایا لیکن یہ سلسلہ یہاں بھی رکا نہیں۔ بیسویں صدی میں جب مادیت کے ساتھ ساتھ علوم جدیدہ کا غلبہ ہونے لگا' عین اسی وقت زمانے میں تصوف کے وحدت الوجودی دبستان کو خواجہ محمد یار فریدیؒ قدس سرہ' جیسا اعجاز مند ترجمان میسر آیا' جنکی دلنواز و جاں گداز شاعری معارف و حقائق سے لبریز تھی اور جن کا لب و لہجہ عشق و نیاز سے مہکا ہوا تھا۔

خواجہ محمد یار رحمتہ اللہ علیہ نے مولانا رومؒ سے خواجہ غلام فریدؒ تک قریب قریب ہر صوفی شاعر سے استفادہ کیا اور انہی کے آب و گل سے اپنے قصر شعر کی تعمیر کی' مگر اپنی انفرادیت اس قصر کے ہر ہر نفس سے نمایاں کر کے دکھائی۔ یہ عمل جوئے شیر لانے کے مترادف ہے اور کسی فرہاد ہی کا کارنامہ ہو سکتا ہے۔ انہوں نے اپنے انفرادی و اجتہادی اسلوب میں شریعت و طریقت کو ہم آہنگ کرنے کی سعی کی اور اپنے جذب و شوق سے پورے عہد کو متاثر کیا۔ وہ عرفانی سفر میں رفعتوں اور رسائیوں سے ہمکنار ہو کر بھی آگے ہی آگے بڑھتے جانے کے تمنائی رہے۔ ؎

میں بلبل فرید ہوں باغ فرید کا
عادی ہوں عین دید میں ہل من مزید کا

حضرت خواجہ محمد یار فریدی رحمتہ اللہ علیہ' گڑھی اختیار خاں ضلع رحیم یار خاں میں حضرت عبدالکریم رحمتہ اللہ علیہ کے ہاں پیدا ہوئے۔ نسبی طور پر قطب شاہی اعوان ہیں اور سلسلہ نسب حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے ملتا ہے۔ ابتدائی تعلیم گڑھی اختیار خاں میں حاصل کی اور علوم اسلامی و تصوف کی تکمیل دارالعلوم چاچڑاں شریف میں ہوئی۔ حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کے دست حق پرست پر بیعت کی اور ان سے روحانی تعلیم و تربیت حاصل کرتے رہے۔ مرشد کامل کے وصال کے

بعد شیخ زادہ حضرت خواجہ محمد بخش عرف نازک کریم رحمتہ اللہ علیہ کی تربیت طریقت سے فیض یاب ہوئے اجازت خلافت حضرت معین الدین رحمتہ اللہ علیہ (نبیرہ حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ) سے عطا ہوئی۔ اس طرح عشق ان کے ہاں سہ آتشہ ہو گیا' جس کو سلسلہ عالیہ چشتیہ کی جذب و سرور سے معمور آب و ہوا میسر آئی تو یہ ایک دل آویز خوشبو بن کر پھیلنے لگا۔ عشق کی اسی خوشبوئے جانفرا کا نام "دیوان محمدی" ہے' جو سرمایہ اہل عرفان ہے اور درحقیقت "دیوان درد و سوز"۔ یہاں میر تقی میر کا ایک شعر بے اختیار یاد آتا ہے۔ ؎

مجھ کو شاعر نہ کہو میر کہ صاحب میں نے
درد و غم کتنے کیے جمع تو دیوان کیا

اس دبستان درد و گداز کے فرد فرید کا وصال 14 رجب المرجب 1397 ھجری (1948 عیسوی) کو ہوا۔ تدفین اول قبرستان حضرت میاں میر رحمتہ اللہ علیہ میں ہوئی اور تدفین دوم و سوم گڑھی اختیار خاں میں ہوئی۔ جہاں "آستانہ عالیہ محمدیہ" مرجع خلائق ہے اور اس شعر کا مصداق ؎

وہ خاکسار ہوں برہم مرا مزار رہا
کہ خاک ہوکے بھی ہر ذرہ اشکبار رہا

خواجہ محمد یار رحمتہ اللہ علیہ محمد و محمد یار کے ساتھ بلبل اور فرد بھی تخلص فرماتے رہے۔ آپ مولانا روم کے عاشق اور خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کے پہلے شارح تھے اور ان کی لکھی خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کی ---- کافیوں کی شرح کتابی صورت میں بھی چھپی تھی ----- آپ وجد اور ترنم اور مواعظ دلنشیں سے ایک مدت تک سینوں میں عشق و محبت کی قندیلیں روشن کرتے رہے یوں ان کا یہ کہنا بالکل بجا ہے۔ ؎

ہم محمد ہیں درس دیتے ہیں
عشق احمدؐ کی درس گاہ میں ہم

"دیوان محمدی" تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں فارسی' دوسرے حصے میں اردو اور تیسرے حصے میں سرائیکی کلام ہے۔ ان الگ الگ حصوں میں ہر زبان کے مزاج کے ساتھ پورا پورا انصاف کرکے دکھایا گیا ہے' عربی الفاظ و تراکیب و آیات کا

استعمال بھی پوری مہارت سے کیا گیا ہے۔ فکر کی یکرنگی کی بہار خاص البتہ ہر حصے میں نمایاں ہے۔ ہر حصے میں حمد و نعت و منقبت کے ساتھ غزل بھی موجود ہے' لیکن کہیں بھی غیریت نظر نہیں آتی۔ وہ فنافی الشیخ' فنافی الرسولؐ اور فنافی اللہ کی جملہ منازل کی نشان دہی ہر صنعت میں کرتے ہیں۔ غزل میں البتہ مجازی رنگ بھی اختیار کیا گیا' لیکن مجاز کے ڈانڈے بھی حقیقت سے ملے ہوئے اور نظریہ وحدت الوجود ہر کہیں اپنا رنگ جمائے ہوئے ہے۔ ؎

اندر خم دو ابروئے یار استقامت است
تیر حقیقت است کمان مجاز ما

حمد و نعت و منقبت کی یکجائی ان کے ہاں جس بے ساختگی و خوبصورتی سے ہوئی ہے' وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اس باب میں ہمہ اوست کی بوقلمونی دیدنی ہے۔ ؎

درید اللہ است دست مصطفےٰ
قل ہو اللہ است طغرائے نبی
ماحامد محمدؐ پاکیم از ازل
حمد خدا بجمد خداداں فروختیم

درک کنہش بس محال آمد تو اے بلبل مگر
ایں غنیمت داں کہ باشی در گلستاں کسے

"خطاب حضرت بوبہار ملتانی از عالم برزخ بسوئے بلبل" میں کہتے ہیں۔

فرید باصفا ہستی' محمد مصطفےٰ ہستی' چہاگویم چہا مستی
خدا ہستی خدا ہستی

بہ بیں بلبل تو ایں گل را' بجو از جزو تو کل را' نجوراز مشربم کل را
تو مارا دلربا ہستی

زبان اردو میں ایسے مضامین عجیب و غریب سادگی اور برجستگی سے ادا ہوئے ہیں۔ ؎

سرائیکی شاعری کا باب تو سراسر عشق ہے' سربسر درد و سوز ہے' ہمہ عینیت ہے۔ اس میں خواجہ محمد یار فریدی رحمتہ اللہ علیہ نے ایسا ایسا نعرہ مستانہ لگایا ہے کہ اہل عقل دنگ رہ جاتے ہیں اور اہل عشق پر کیفیت وجد طاری ہو جاتی ہے۔

دل سے نکل کر دل میں اترنے والے برجستہ و پرتاثیر اشعار "دیوان محمدی" میں

جابجا اپنی بہار دکھا رہے ہیں۔ ان میں فکر کی رفعت بھی ہے اور اظہار کی ندرت بھی۔ مضامین کی رنگارنگی ان پہ مستزاد ہے۔ پورا "دیوان محمدی" ان کی قادر الکلامی پہ شاہد ہے، لیکن قدرت کلام نے شاعری کو ہرگز بوجھل نہیں ہونے دیا' بلکہ آورد کی بجائے آمد کی کیفیت ہر کہیں نمایاں ہے۔ صرف چند مثالیں۔ ؎

ماسلطنت بکوچہ جاناں فروختیم
مور حقیر را.سلیماں فروختیم
ماوصل یار خویش بہ ہجراں فروختیم
یوسف فروختیم و چہ ارزاں فروختیم

انداز حسینوں کو سکھائے نہیں جاتے
جو امی لقب ہوں وہ پڑھائے نہیں جاتے
ہر ایک کا حصہ نہیں دیدار کسی کا
بوجہل کو محبوب دکھائے نہیں جاتے
میں کیا کہوں کس رنگ کا اب درد ہے دل میں
بے درد کو یہ درد سنائے نہیں جاتے

تمہارے منہ سے جو نکلی وہ بات ہوکے رہی
کہا نہیں کو جو کن کائنات ہوکے رہی

حقیقت محمد دی پاکوئی نہیں سکدا
ایتھاں چپ دی جا ہے الا کوئی نہیں سکدا

ہک مرد دتی کن سو ہے
سب اوہے' اوہے' اوہے
محمدؐ محمدؐ پکیندیں گزر گئی
احد نال احمد ملیندیں گزر گئی

اس پر یقین لہجے میں 'دل کی کیفیات بیان کرنا' اہل عرفان ہی کا حصہ ہے اور صرف یہی ایک بات خواجہ محمد یار رحمتہ اللہ علیہ کا مقام متعین کرنے کے لیے کافی ہے۔

حضرت خواجہ محمد یارؒ
اور
عشق رسول ﷺ

از - سید محمد فاروق القادری
ایم-اے گولڈ میڈلسٹ
سجادہ نشین شاہ آباد شریف
گڑھی اختیار خاں شریف

از صدائے سخن عشق ندیدم خوشتر
یادگارے کہ دریں گنبد دوار بماند

خواجہ محمد یارؒ اور عشق رسول ﷺ سرے سے دو باتیں یا دو عنوان ہیں ہی نہیں کہ ان کے درمیان تعلق یا تعلق کی نوعیت پر گفتگو کی جائے۔ خواجہ محمد یارؒ حب نبویؐ کے جس بلند مقام پر فائز تھے وہ لفظ "اور" کا بوجھ بھی برداشت نہیں کرتا۔ وہ خود عشق رسولؐ تھے۔ یوم الست سے ان کا خمیر عشق رسولؐ سے اٹھایا گیا تھا۔

خواجہ محمد یارؒ کا عشق رسولؐ کے بغیر تصور اسی طرح ناممکن ہے جس طرح عشق رسولؐ کی دلفریب داستان آخرین دور کے اس منفرد محب اور عاشق کے ذکر کے بغیر نامکمل ہے۔

برصغیر پاک و ہند میں عیار انگریز کی ساری کدوکاوش جذبہ عشق رسولؐ کو کمزور کرنے اور اسے کچلانے پر مرکوز رہی اور اسے یک گونہ کامیابی بھی ہوئی مگر اسے نگاہ رسالت کا فیضان سمجھنا چاہئے۔ کہ اس نے بالکل غیر متوقع طور پر خواجہ محمد یارؒ ایسے چند باکمال لوگ پیدا کر دیئے جنھوں نے حضرت اویس قرنیؒ سے لے کر جامیؒ تک تمام اہل محبت کے نغمات کو اس انداز میں دہرایا کہ برصغیر کے مسلمانوں کی بیمار روحوں میں نئی زندگی تازگی اور حرارت پیدا ہو گئی۔

یہ ایک عجیب اتفاق ہے کہ ہر دور کے مسلم مفکرین نے مسلمان قوم کی زبوں حالی انحطاط اور زوال کے علاج کے لئے فکر و سوچ کی ہمیشہ ایک ہی راہ اختیار کی ہے اور وہ ہے محبوب ازل سرور عالم ﷺ سے والہانہ محبت اور آپ کی ذات اقدس سے رشتہ

غلامی کی از سرنو تجدید یعنی بہ مصطفیٰؐ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست۔

حضرت خواجہ محمدیار فریدیؒ نے ملت اسلامیہ کو عشق و محبت کا درس دینے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ آپ نے عشق و محبت نبویؐ کا عملی نمونہ پیش کیا آپ حب نبوی کا ایسا پیکر تھے جس کی ہر تار ذات نبوی کے کسی نہ کسی وصف و جمال سے جڑی ہوئی تھی۔ سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام نامی، اسم گرامی آتا تو آپ یوں تڑپ اٹھتے جیسے بے خبری میں کسی نے ہتھیلی پر انگارہ رکھ دیا ہو۔

آپ کی اس دعوت اور آواز میں آپ کا خون جگر شامل تھا۔ یہ آواز سراسر حال ہونے کی بنا پر اپنی دلکشی، رعنائی، انفرادیت اور نرالی ادا کی ایک ایسی الستی پکار تھی جس نے اہل دل تو اپنی جگہ رہے سخت سے سخت دلوں کے بھی تار ہلا دیئے۔ یہ آواز غافل روحوں اور بے چین دلوں کے درد کا درماں ثابت ہوئی۔

ماضی قریب میں برصغیر میں بڑے بڑے نامور اور جادوبیاں خطیب ہو گزرے ہیں۔ مثلاً سید عطاء اللہ شاہ بخاری بلاشبہ اردو زبان کے بہت بڑے خطیب تھے عرصہ دراز تک متحدہ ہندوستان کا کونہ کونہ ان کے سحر انگیز خطبات سے **گونجتا** رہا۔ مگر انصاف کی بات یہ ہے کہ انہیں خواجہ محمدیارؒ ایسے متبع سنت، شب بیدار اور پیکر محبت کے نالوں سے قطعاً کوئی نسبت نہیں ہے وہ الفاظ کی جادوگری اور آواز کی سحرانگیزی تھی جبکہ خواجہ محمدیار نے نصف صدی تک منبر رسول پر درد و فراق کے ایسے نغمات چھیڑے جن سے انسان تو انسان چرند پرند اور درودیوار بھی وجد میں آکر موم کی طرح پگھل اٹھے۔ خواجہ محمدیار کی آواز وہ الستی آواز تھی جو ابن الفارض سے لے کر بلہ شاہؒ، شاہ حسینؒ، سلطان باہوؒ عبداللطیف بھٹائی اور خواجہ غلام فریدؒ کا مشترک سرمایہ ہے یہی وہ آواز ہے جس نے بلاامتیاز مذہب و ملت تمام انسانوں کے دل کے تار چھیڑے، اس آواز میں ذات حقیقی سے انسان کے تعلق اور نفس شناسی کے علاوہ انسانی دکھ درد غم اور خوشی دوسری واردات کو اس انداز میں سمویا گیا ہے کہ ؟ جیسی ہر انسان نے اسے اپنی ترجمانی سمجھا ہے ان کی بات ۔از دل خیزد و بردل ریزد، کی مصداق تھی۔

حضرت خواجہ محمدیارؒ نے عشق رسولؐ کی تحریک و تبلیغ کے لیے تین راستے اختیار کئے

وعظ و تقاریر، شعر و شاعری اور عملی نمونہ پیش کرنا۔

آپ کے وعظ و تقاریر روایتی انداز کے برعکس اپنے اندر جذب و مستی، حدت عشق، رموز عشق اور رہربات کے واقعاتی منظر کا ایک ایسا منفرد انداز رکھتے تھے جس کی نظیر دور دور تک نہیں ملتی۔ پچاس پچاس ہزار کا مجمع ہے مگر رات کے سمے میں جونہی محمد عربی کا یہ سچا عاشق

؎ سید و سرور محمد نور جاں، بہتر و مہتر شفیع مجرماں

کی دلکش صدا بلند کرتا تو واقعہ یہ ہے کہ کسی کو تن من کی خبر نہ رہتی۔ بعض اوقات چشم زون میں رات کے چار پہر گزر جاتے اور اچانک اس محفل میں شرکت کی سعادت حاصل کرنے کے لیے صبح آن دھمکتی۔

میرے والدگرامی راس الاصفیا حضرت سید مغفور القادریؒ فرماتے تھے کہ "ایک ایسی محفل میں جب مقام محمدیت پر خواجہ محمدیارؒ نے علم و فن کا ترانہ چھیڑا تو میں نے دیکھا کہ سامنے بیٹھے ہوئے شیخ الجامعہ مولانا غلام محمد گھوٹوی ایسے جید عالم دین کی روتے روتے داڑھی آنسوؤں سے تر ہو چکی تھی"۔

علم سے عقل و خرد کو تو لاجواب یا مسحور کیا جا سکتا ہے۔ مگر بے چین روحوں، مضطرب قلوب اور شکوک و شبہات میں گرفتار سینوں کو یقین و معرفت کا نور عطا نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے لیے اس نگاہ کی ضرورت ہے جس کے بارے میں حضرت اقبال نے فرمایا ہے۔

؎ فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا

بلاشبہ خواجہ محمدیارؒ کو قدرت نے پوری فیاضی سے یہ نگاہ عطا کی تھی۔ آپ نے آبائی علاقے کے علاوہ لاہور، امرتسر جالندھر، فیروزپور، پٹیالہ، لدھیانہ کے علاقوں کو اپنی تبلیغ اور رشد کا مرکز بنایا ان علاقوں میں ہزاروں لوگوں نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کی۔

ایک محفل میں آپ کو فاضل بریلوی مولانا احمد رضا خان بریلوی کی موجودگی میں منبر نبوی پر بٹھایا گیا ایک عاشق رسولؐ کی اس سے بڑی خواہش اور کیا ہو سکتی ہے کہ سامنے بھی اپنے وقت کا نامور عالم، شیخ طریقت اور بلند مرتبہ عاشق رسولؐ ہو جو علم و معرفت کی تمام

لطافتوں اور باریکیوں کو نہ صرف سمجھتا ہو بلکہ خود اس راہ کا راہی ہو' خواجہ محمدیارؒ نے اپنا مخصوص خطبہ شروع کیا تو فاضل بریلوی نے اٹھ کر آپ کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالا اور فرمایا "سر آمد واعظین پنجاب" سوء اتفاق مسلسل سفر اور وعظ تقاریر کی وجہ سے آپ کا گلا جواب دے گیا اور خطبے سے آگے آپ ایک لفظ نہ کہہ سکے مگر آپ کو ساری عمر اس کا افسوس رہا۔

راقم السطور کے والد گرامی حضرت شاہ مغفور القادریؒ نے ایک دفعہ فرمایا کہ خواجہ محمدیارؒ کی کوئی بات ایسی نہ ہوتی جس کے لیے کتاب و سنت میں مضبوط دلیل موجود نہ ہو۔ ان کے مطابق دوران وعظ آپ پر علم و معرفت کی ایسی یلغار ہوتی جسے آمد کی بجائے واردات غیبی یا فیضان الٰہی کہنا زیادہ صحیح ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر محبت رسولؐ ہے کیا؟ میرے ناقص خیال میں بہترین انسانی اخلاق و مکارم' محاسن و فضائل اور اعلیٰ اوصاف و اطوار ہی وہ چیزیں ہیں جنہیں ہر دور میں پوجا گیا ہے۔ ان کی نشر و اشاعت کی گئی ہے اور کی جانی چاہئے۔

شہادت گہ عالم میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعلیٰ انسانی اوصاف و مکارم اور محامد و محاسن کا ایک ایسا کامل نمونہ ہیں جن کی نظیر تاریخ آج تک پیش نہیں کر سکی' آپ کی ذات گرامی سے محبت دراصل ان اوصاف جمیلہ اور اخلاق عالیہ سے محبت ہے جس کی دانشوران عالم ابتدائے آفرینش سے آرزو کرتے آئے ہیں۔

میرے نزدیک محبت رسولؐ کی نعمت عظمیٰ عطا ہی اسے کی جاتی ہے جو عام انسانوں سے اپنے ذوق و فکر اور کردار و عمل سے بدرجہا ممتاز اور بلند ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ جنہیں یہ نعمت عطا ہوتی ہے وہ اتباع نبوی میں فکر و عمل کا ایسا مینارہ نور ہوتے ہیں۔ جن سے ہر دور کے انسان روشنی حاصل کرتے رہتے ہیں۔

حضرت خواجہ محمدیارؒ انتہائی متواضع' منکسر المزاج' دردمند دل اور گداز قلب کے مالک تھے' زندگی میں شاید ہی کوئی شخص ان سے رنجیدہ خاطر ہوا ہو' وہ دوسروں کو رنج پہنچانے یا کسی کا دل دکھانے کے مفہوم ہی سے ناآشنا تھے۔

راقم السطور کے جد امجد شیخ المشائخ سید سردار احمد قادریؒ تین سال سے مدینہ منورہ

میں قیام پذیر تھے آپ مولانا عبدالباقی لکھنوی ثم المدنی سے دورہ حدیث اور فصوص الحکم کی تکمیل کر رہے تھے۔ کہ اس دوران ایک دفعہ آپ نے خواب میں سرور عالم ﷺ کی زیارت فرمائی آپ نے دیکھا کہ ایک انتہائی باوقار محفل میں ہزاروں لوگ حسب مراتب دم بخود بیٹھے ہیں اتنے میں سرور عالم ﷺ کے اشارے سے خواجہ محمدیارؒ اٹھے اور آپ نے مولانا جامی کی نعت کے یہ مصرعے انتہائی پرسوز آواز میں پڑھے۔

و صلی اللہ علی نور کز وشد نورہاپیدا　　زمیں ازحب او ساکن فلک در عشق اوشیدا

جب آپ اس مصرعے پر پہنچے۔

محمد احمد و محمود وے را خالقش بستود　　ازو شذ بود ھر موجود از و شد دیدہ ہا بینا

تو وجد میں آکر سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور زمین پر گر کر تڑپنے لگے۔

میرے جد امجد نے مدینہ منورہ سے خط میں اپنے صاحبزادے (میرے والد گرامی) کو لکھا کہ خواجہ محمدیار کی خدمت میں جا کر انہیں مبارک باد پیش کریں اور میرا سلام پہنچائیں۔ والدگرامی فرمایا کرتے تھے کہ میں نے جونہی سلام پہنچایا خواجہ محمدیارؒ ماہی بے آب کی طرح تڑپتے ہوئے مدینہ منورہ کی طرف سر کے بل رینگنے لگے، آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں جاری ہو گئیں۔ اور زبان پر یہ لفظ تھے، "وعلیکم السلام میرے حضور و علیکم السلام میرے حضورؐ"

خواجہ محمدیارؒ کی گفتگو، خامشی، اوڑھنا، بچھونا، نشست، برخاست، نظم، نثر، رات، دن، صبح وشام، خواب و خیال سب کا مرکز و محور موضوع اور عنوان صرف اور صرف ذات رسالتمآبؐ تھی انہوں نے اس عنوان میں اپنے آپکو اس طرح مٹایا اور جذب کیا کہ عنوان اور معنوں میں دوئی کا فرق مٹ گیا۔ گویا

انا من اھوی، و من اھوی انا　　نحن روحان حللنا بدنا

ما دو جانے آمدہ دریک بدن　　من کیم لیلیٰ و لیلیٰ کیست من

انہوں نے خود بھی اس طرف اشارہ کیا۔

مٹے کچھ ایسے کہ مٹ مٹ کے بے نشاں ہوئے، مگر یہ مٹنا ہمارا نشان یار رہا

وہ اپنی زندگی کے وظیفہ حیات سے متعلق خود فرماتے ہیں۔

محمد محمد پکینندیں گزر گئی   احد نال احمد ملینندیں گزر گئی

ذرا اس شعر کی معنویت اور بلاغت دیکھئے۔

خدا کوں ڈھوسے ڈھوسے محمد دے اولے   محمد کوں ڈہدیں ڈ کھیندیں گزر گئی

بعض نیم خواندہ دنیائے انسانیت کے مفکرین کی تلاش حقیقت کی داستان سے بے خبر لوگ وحدۃ الوجود پر برس پڑتے ہیں حیرت ہے کہ اگر وجود ایک نہیں ہے تو کیا وجود دو ہیں؟ اگر خوانخواستہ دو ہیں تو یہ شرک ہے۔

خیال رہے کہ وحدۃ الوجود کا تصور ہی وہ محفوظ راستہ ہے جس پر حقیقت کبریٰ کی معرفت کے سلسلے میں عقلی اور فکری طور پر کم سے کم اعتراض وارد ہوتے ہیں اس کے علاوہ انسان اپنے محدود فکر میں سوچ کی جو بھی راہ اختیار کرے گا اس پر اتنے شدید اعتراض وارد ہوتے ہیں۔ کہ کسی طرح بات بنتی نہیں۔

پھر یہی وحدت کا وہ تصور ہے جو **الخلق عیال اللہ** (مخلوق اللہ کا کنبہ ہے) کا نظریہ پیش کرکے انسانوں میں نسلی، وطنی اور دوسری تمام تفریقیں مٹاتا ہے۔ اور یہاں پہنچ کر انسان اپنے بھائی بند (انسان) تو درکنار جانوروں، پرندوں بلکہ نباتات اور جمادات سے بھی محبت کرنے لگتا ہے۔ خواجہ محمد یارؒ اپنے تمام پیشرو صوفیا کی تقلید میں اسی مسلک محبت اور مشرب عشق کے علمبردار ہیں۔ خود فرماتے ہیں۔

مذاہب دے جھگڑے اساں چھوڑ بیٹھے   محبت دا جھگڑا چھڑا کوئی نئیں سگدا

ایک اور جگہ فرماتے ہیں۔

ماراں کھاویں مار نہ آویں   بنڑ کھلیں دا کھوڑ تاں توں ہک تھیویں

ہک دے سانگے ہک دے کیتے   ہر دی جتی جوڑ تاں توں ہک تھیویں

اس حقیقت کا زیادہ واضح اظہار اس طرح فرماتے ہیں۔

زمانہ چھان مارا نیک و بد کو غور سے دیکھا

ہر اک شے میں حقیقت کا پتہ معلوم ہوتا ہے

خواجہ محمد یارؒ ایک ایسے محب عاشق ہیں جو بیک وقت درد و فراق، ہجر و وصال، بے قرار و شاد کام یعنی راہ محبت کی تمام منزلوں پر برابر فائز ہیں وہ راہ حقیقت میں کسی ایک

منزل پر نہ ٹھہرے ہیں اور نہ ہی ان کے ہاں کسی منزل کو ثانوی حیثیت حاصل ہے۔ میرے ناقص خیال میں یہ درد و محبت کا ایسا بلند مقام ہے جسے اس راہ کی معراج سمجھنا چاہئے۔ میں اس کی مثال اس طرح پیش کروں گا' فرماتے ہیں۔

عمر گزاریم کھپیدییں جھکنییں سڑدییں بلدییں' ڈکھدییں دکھدییں

یا

دل وچ درد ہزار مدتاں بیت گییاں

اسی مضمون کو زیادہ وضاحت سے اس طرح بیان فرماتے ہیں۔

ڈکھ درد وچ لاچار ہاں' بے کار زار نزار ہاں
ہر دم تتی بیمار ہاں' گھن آ دوا ایویں ونج تے آ

اب ذرا درد و فراق اور ہجر و بعد میں تڑپنے والے عاشق زار کی کامیابی و کامرانی اور وصال کی شادکامی کا یہ انداز ملاحظہ فرمائیے۔

کنار یار سے نکلا نہیں محمد یار جہاں رہا وہ محمد سے ہمکنار رہا

راقم السطور کے نزدیک خواجہ محمدیارؒ فلسفہ وحدت الوجود کے صرف شارح اور مفسر نہیں ہیں وہ اس کے عملی معلم اور پیکر ہیں' جب وجود ہے ہی ایک تو ظاہر ہے کہ اس کے سوا کا تصور ہی عنقا ہے۔ اب یہی وجود محب بھی ہے محبوب بھی' طالب بھی ہے مطلوب بھی' وہ ظاہری اشکال و اجسام کو وجود حقیقی کے پرتو یا عکس سے قطعاً کچھ اور نہیں سمجھتے یہی وجود ان کے ہاں محمد (قابل تعریف یا لائق حمد) ہے' یوں بھی اگر اس نظریے کو ذرا وسیع پس منظر میں دیکھیں تو تمام اکابر صوفیا کے نزدیک حقیقت محمدیہ ہی وہ حقیقت الحقائق ہے جسے انہوں نے النفس الکائنہ قلم الاعلیٰ نورالانوار اور انسان کامل کے عنوانات سے یاد کیا ہے' فرماتے ہیں۔

اللہ ام وھم بندہ من غیر نمی دانم مسجودم **وافگندہ** من غیر نمی دانم
ہم خالق ومخلوقم ہم رازقِ و مرزوقم مطلوبم جویندہ من غیر نمی دانم
خود ساجد و مسجودم خود عابد و معبودم خود شیخ شنا سندہ من غیر نمی دانم

میں قارئین کی توجہ ایک بظاہر معمولی مگر بڑی اہم بات کی طرف مبذول کراتے ہوئے

بنام خدا انصاف طلب کرتا ہوں۔

"خواجہ محمد یارؒ کی پیدائش نشوونما تعلیم و تربیت تمام تر آبائی علاقے یعنی سابق ریاست بہاولپور کے علاقے میں ہوئی انہوں نے دلی، لکھنؤ یا ملک کے دوسرے بڑے علمی یا فکری مراکز کی شکل بھی نہیں دیکھی لیکن جب وہ مسند وعظ یا دنیائے شعر و ادب میں آتے ہیں تو نہ صرف برصغیر بلکہ عالم اسلام کے جلیل القدر علماء، شعراء اور خطباء کے ساتھ صف بصف نظر آتے ہیں"

سراسر وہی چیز نہیں تو اور کیا ہے؟

یوں تو خواجہ محمد یارؒ دنیائے شعر و ادب میں بالکل الگ اسلوب کے مالک ہیں۔ ان کے ہاں وحدت الوجود پھر اس وجود کے ظہور یا تجلیات کے موارد یعنی سرور عالم ﷺ اہل بیت، صحابہ کرامؓ اولیاء اللہؒ، مدینہ منورہ، بیت اللہ بے کراں مدح و ثنا کے مستحق ہیں۔ زندگی بھر ان کی فکری کدوکاوش انہی موضوعات کے گرد گھومتی رہی ان کے نزدیک یہ مختلف چیزیں نہیں بلکہ ایک حقیقت کے مختلف لباس اور رنگ ہیں۔

سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف کے سلسلے میں بھی انہوں نے ذرا مختلف پیرایہ اختیار کیا ہے۔ آج نعت کا انداز تبدیل ہو گیا ہے۔ اس وقت نعت سیرت و کردار اور افکار کے حوالے سے لکھی جا رہی ہے۔ مگر خواجہ محمد یارؒ نے قدیم دبستان فکر میں رہتے ہوئے بھی اپنا راستہ الگ اختیار کیا ہے۔ مثلاً ان کی نعت میں جو آفاقیت، مقام محمدیؐ تک عام انسانی عقل و فہم یا ادراک کی نارسائی اور بے چارگی، عظمت رسالت کے سلسلے میں الفاظ اور خیال کا عجز اور درماندگی، اپنی خودی، کمتری اور نفی پھر ذات اقدس کی تعریف و توصیف کے حوالے سے اپنے احساس اور خودی کا حوالہ ایسا دلکش اور روح پرور انداز ہے کہ انسان اسے کوئی زبان نہیں دے سکتا۔ صرف وجدانی طور پر اس کا لطف لے سکتا ہے۔ اس طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

گرچہ حسان نیستم سحباں نیم   مدح او شیریں کند گفتار را

سرور عالم ﷺ کی ذات گرامی کے حوالے سے حقیقت محمدیہ کی بے کنار عظمتوں کے حضور آپ اپنا مجرا یوں پیش کرتے ہیں۔

حقیقت محمد دی پا کوئی نیں سگدا اتھاں چپ دی جا ہے الا کوئی نیں سگدا

ماوشما تو اپنی جگہ رہے اس ذات اقدس کی شان دیکھئے!

ابوبکر و فاروق و عثمان و حیدر ایہو راز مشکل ڈسا کوئی نیں سگدا

حقیقت الحقائق تک رسائی کی صورت یا راستہ کیا ہے صرف ایک ہی راستہ ہے فرماتے ہیں۔

حقیقت دے پردے پھڑیندے محمد خدا نال ہک تھی الیندے محمد

راقم السطور کے والد گرامی حضرت شاہ مغفور القادری جو خود انتہائی صاحب درد اور صاحب ذوق نظر بزرگ تھے یہ شعر معمولی ترمیم کے ساتھ اس طرح پڑھواتے تھے۔

حقیقت دے پردے کھولیندے محمد خدا نال ہک تھی الیندے محمد

سرورعالم ﷺ کی ذات اقدس سے والہانہ محبت کے سلسلے میں خواجہ محمد یارؒ کے یہ چند اشعار سنائے بغیر رہا نہیں جاتا۔

محمد مصطفیٰ راز خدا دی گال کیا پچھدیں
تھیا حق نال ہک حق دی حقیقت حال کیا پچھدیں
ایندی رفتار توں صدقے ایندی گفتار توں صدقے
ایندے دیدار توں صدقے ایندے خط خال کیا پچھدیں
ایندے اقوال تو صدقے ایندے افعال توں صدقے
ایندے احوال توں صدقے میڈے اعمال کیا پچھدیں
عبودیت کوں رنگ لائیس الوہیت کوں چمکائیس
تے ہر ہر حال ٹھمکائیس مفصل حال کیا پچھدیں

جیسے میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ خواجہ محمد یارؒ کا ممدوح محمد ﷺ ہے کیا یہ صرف کسی ایک وجود گرامی کا نام ہے میرے خیال میں خواجہ محمد یارؒ کے نزدیک یہ اسم گرامی حقیقت الحقائق، جان کائنات، روح تخلیق، حسن جہاں، زینت آسمان، فخر لامکاں اور مقصود خلد بریں ہے۔ آپ نے یہ مضمون اپنے مشہور شعر میں یوں ادا فرمایا ہے۔

نیست جز مصطفیٰ مرا درکار ہست در دوجہاں محمدیار

خواجہ محمدیارؒ کو کسی نعت گو شاعر کا باقاعدہ مقلد تو نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ ان کے کلام میں برصغیر میں فاضل بریلوی شاہ احمد رضاخاںؒ ، علامہ محمد اقبالؒ اور پیرمہرعلی شاہ صاحب گولڑوی کی نعتیہ شاعری کا معمولی فرق سے عکس صاف جھلکتا ہے۔ متذکرہ بالا تینوں بزرگ تلوار کی دھار پر چلے ہین اور کمال ہوشیاری سے چلے ہیں۔ جبکہ خواجہ محمدیارؒ جذب و مستی' حدت عشق اور وفور شوق میں کسی حد بندی کے قائل نہیں ہیں۔ مشہور بزرگ حضرت خواجہ غلام فریدؒ جو خواجہ محمدیارؒ کے شیخ طریقت ہیں آپ کے مقتداء قرار دیئے جا سکتے ہیں اگرچہ خواجہ غلام فریدؒ درد و فراق' اور جزوی طور پر وارد ہونے والے دکھ درد کے ایسے علیم النظیر شاعر ہیں جن کی مثال میرے ناقص علم کے مطابق سوائے شاہ عبداللطیف بھٹائی کے برصغیر کی تاریخ میں پیش نہیں کی جا سکتی اور نہ اس سلسلے میں کوئی ان کا ثانی ہے۔

اثرانگیزی اور سخت سے سخت دلوں کو موم کردینے کے اعتبار سے ہمارے دینی ادب میں غالباً" مثنوی مولانا روم سے بڑھ کر کوئی کتاب نہیں ہے۔ بلاشبہ دین اسلام بالخصوص ہادی برحق صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی سے عشق و محبت کے ساتھ والہانہ تعلق کا جو اثاثہ موجود ہے۔ اس میں مثنوی مولانا روم کا بڑا حصہ ہے۔

سخت ناانصافی ہو گی اگر خواجہ محمدیارؒ کے تذکرے میں مثنوی کا ذکر نہ آئے' پیرغلام دستگیر نامی نے ایک جگہ لکھا ہے کہ خواجہ محمدیارؒ کی درد بھری آواز میں' میں نے مثنوی سنی تو مجھے مثنوی پڑھنے کا شوق پیدا ہوا۔ عینی شاہدوں کا بیان ہے کہ خواجہ محمدیارؒ مثنوی کے اشعار ترنم سے پڑھتے تو جس طرح خود روتے اسی طرح ساری محفل کو رلاتے۔ بعض اوقات گریہ و بکا کی یہ محفلیں ساری ساری رات جاری رہتیں اور جب لوگ ان پاکیزہ محافل سے رخصت ہوتے تو آنسوؤں کی لڑیوں سے اپنے گناہوں کے دفتر دھو کر وہ اپنے آپ کو انتہائی سبک بار محسوس کر رہے ہوتے۔

خواجہ محمدیارؒ کے وعظ و تقریر کا انداز ہو بہو مثنوی کا تھا' حکایات' تمثیل' منظرنگاری' ہنسانا' رلانا' موعظت و عبرت یہ ساری باتیں ساتھ ساتھ چلتیں۔ مگر آپ کے ہر قول و

فعل کا نتیجہ اور خلاصہ ' جز نغمۂ محبت سازم نوانہ دارد' کے مطابق صرف اور صرف ذات سیدالمرسلین ﷺ ہوتی۔

خواجہ محمدیارؒ نے نصف صدی کا طویل عرصہ "پیغام یار" کو عام کرنے میں گزارا' اس دوران ان کے خلاف فتوے جاری ہوئے انہیں بدعتی اور کافر تک کہا جاتا رہا مگر وہ اپنے مشن پر برابر قائم رہے آپ نے زندگی بھر مناظرہ بازی اور بحث و تکرار سے اجتناب کیا۔ میرا احساس ہے کہ برصغیر پر انگریز کی گرفت کے بعد عشق رسولؐ کے جذبے میں کمزوری کے جو آثار پیدا ہو چلے تھے' اسے دوبارہ نئی زندگی عطاء کرنے کے سلسلے میں خواجہ محمدیارؒ کا شمار فاضل بریلوی اور علامہ محمد اقبالؒ کی صفت میں باسانی کیا جا سکتا ہے۔

وہ خود کیا تھے ان کی اپنی زبانی سنئے۔

سب سے ملتا ہوں مگر سب سے جدا رہتا ہوں — وہ حقیقت ہوں جسے عشق کا ناداں سوچے
شیخ کا وہم برہمن کا گماں کیا سمجھے — کیوں مجھے فلسفی خاک بداماں سوچے
نہ ہی مسلم ہوں نہ کافر نہ گدا ہوں نہ خدا — مجھے سوچے تو کوئی سربگریباں سوچے

نہ محمد ہوں نہ احمد نہ ہوں واحد نہ احد
مجھے سوچے تو فقط حیرت حیراں سوچے

میں یہاں پر اس عاشق رسولؐ اور دیدہ ور عالم دین کی عملی زندگی کے بارے میں چند الفاظ عرض کرنا چاہتا ہوں کوئی نظریہ یا فکر کتنی بلند کیوں نہ ہو اگر اس کے پیچھے عمل کی قوت موجود نہ ہو تو وہ لفظی گورکھ دھندے کے سوا کچھ نہیں۔ سرور عالم ﷺ کی ذات اقدس کا سب سے بڑا معجزہ یا کمال یہی ہے کہ آپ نے اپنی تمام پاکیزہ تعلیمات اور افکار کا عملی نمونہ پیش کیا اور اس پر ایک پورے معاشرے یا تاریخ کی تشکیل فرمائی اس کی نظیر مفکرین عالم تو درکنار خود انبیائے کرام کی زندگیوں میں بھی نہیں ملتی' چنانچہ آپ کے صدقے آپ کی امت میں سے جو لوگ مقتدا یا مرجع عقیدت قرار پائے ان کی زندگیاں بھی براہ راست جمال رسالتؐ کا عکس اور پرتو تھیں یہی حب رسولؐ کا تقاضا اور منشا ہے۔ سرور عالم ﷺ کی محبت کا نتیجہ بھی یہی ہے کہ ان پاکیزہ اوصاف اور مکارم کی تبلیغ و ترویج کی جائے' جن پر آپ فائز تھے اس حیثیت سے ہم دیکھتے ہیں تو خواجہ محمدیارؒ کی زندگی

اسوہ رسولؐ کی تصویر تھی، آپ کا بیشتر وقت اللہ اور اس کے رسولؐ کی قیل و قال میں گزرتا، آپ نے زندگی ایک عام فرد کی حیثیت سے بسر کی۔ عام آدمیوں کے دکھ درد میں شریک ہونا، سب لوگوں کو حتی الامکان راضی رکھنے کی کوشش کرنا، اپنے لیے کوئی امتیازی علامت قائم نہ کرنا، اہل بیت اور مشائخ کے خانوادوں کے سامنے اپنی ہستی کو مٹا دینا، اپنی دوستی دشمنی میں صرف اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ تعلق کو معیار بنانا آپ کی ایسی خصوصیات ہیں جنہیں محبت رسولؐ کے بغیر نہیں اپنایا جا سکتا۔

آپ نے زندگی کے آخری دور میں قرآن مجید حفظ کیا، قرآن و حدیث پر ایسا عبور کہ بقول غزالی زمان استاذی سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی اس دور کے علماء کو ایسا عبور بہت کم حاصل ہے"

الغرض سرور عالم ﷺ کی محبت کا یہ پیکر اپنی سیرت و کردار، قد و قامت، بول چال اور نشست و برخاست میں اس سے کہیں بڑا عاشق رسولؐ تھا۔ جتنا وہ اپنے وعظ و تقریر یا شعر و شاعری میں لگتا تھا۔

اللہ تعالیٰ ان کی قبر انور پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے (آمین)

سید محمد فاروق القادری
(ایم۔ اے گولڈ میڈلسٹ)
سجادہ نشین شاہ آباد شریف گڑھی اختیار خان

فیضانِ فرید

ہنس کے کہا محمدا
میں ہوں محمد عرب!

حضرت قبلہ خواجہ محمد یار فریدیؒ قدس سرہ' صوفیائے کرام کی کہکشاں میں دمکتے ہوئے۔ تابندہ و خیرہ چشم نور کی ایک ایسی کرن ہیں جس کا شرارفسوں سلطان العارفین حضرت قبلہ خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ کے شعلے سے پھوٹا۔ تمام صوفیائے کرام و اولیاء عظام کا رخ غار حرا سے پھوٹنے والے چاند کی طرف ہے۔ اسی ماہ دو عالمؐ کا نوران کے افعال و کردار پر منعکس نظر آتا ہے۔ اللہ کے یہ نرالے بندے اپنی خاکستر میں عشق حقیقی کی ایک ایسی چنگاری لے کر دنیا میں آئے جو ابدالاباد تک کڑی ور کڑی یونہی سلگتی رہے گی۔ لو دیتی رہے گی۔ ایک کا سلسلہ دوسرے سے یوں ملتا ہے جیسے دور سے آسمان پر ستاروں کے جھرمٹ بالکل ایک جیسے نظر آتے ہیں لیکن ذرا قریب ہو کر دیکھیں تو ہر ستارا دوسرے سے جدا نظر آتا ہے۔ البتہ سب کا مخزن نور اور ماخذ ظہور ایک ہی ہے۔

حضرت قبلہ خواجہ محمد یار فریدی رحمتہ اللہ علیہ کی ساری زندگی مرشد کی نگاہ فیض کا کرشمہ ہے۔ مرشد کامل ہو تو دل کی دنیا زیر و زبر کر کے رکھ دیتا ہے۔ حضرت قبلہ خواجہ غلام فریدؒ سائیں نے اپنی نگاہ فیض سے جناب خواجہ محمد یار فریدیؒ کو محمد یار فریدی بنا دیا۔

جب آپ فریدی ہوئے تو رمز محبت سے شناسا ہوئے۔ دید مزید کی لذت سے آگاہی ہوئی تو خواجہ محمد یار' محمدؐ کا یار بن گیا۔ محمدؐ نام کا خمار ایسا تھا کہ تزکیہ نفس و معرفت الہیہ کی ساری منزلیں طے کر گئے' اپنے ہی نام سے نسبت کا عصا نکلا جس نے حیات کے چڑھے دریا کو بیچ دھارے میں سے دو لخت کر دیا۔ جہاں وصال محبوب کا حسین سنگم تھا وہیں پر خواجہ محمد یارؒ کو دل کی ہر تمنا کا سراغ مل گیا۔

ہم نام محمد ہوں مداخ محمدؐ بھی
ہاتھوں سے نہ چھوٹے گا دامان محمد کا!

اپنے نام کی معنویت پر کس قدر نازاں ہیں۔۔۔

خطا میری سب سے بڑی تھی مگر!
محمدؐ نے بخشی خطائے محمد!

قدموں میں لوٹ پوٹ ہو کر رسائی حاصل کرنے کی ادا دیکھئے۔ ؎

ہنس کے کہا محمد! میں ہوں محمدؐ عرب
میرا جہاں گزر ہوا تیرا وہاں گزر نہیں

برصغیر کی پوری تاریخ میں صوفیائے کرام نے تبلیغ اسلام کے لیے جو سنہری کارنامے انجام دیئے ہیں انہی کی وجہ سے روح جنیدیؒ وصدائے بلالیؓ کی گونج ہمیشہ کے لیے اس سرزمین پر رہ گئی ہے۔ صوفی شعراء میں تین قدریں مشترک ہوتی ہیں۔

تصوف، تبلیغ اور شاعری

سارے صوفی شعراء نے تبلیغ و تدریس کے لیے شاعری کو ابلاغ و اظہار کا ذریعہ بنایا بلکہ بعض شعراء نے تو کئی کئی زبانوں میں شاعری کی خواجہ محمد یارؒ نے بھی تین زبانوں میں شاعری کی۔

شاعری ایک الہامی کیفیت ہوتی ہے۔ ایک ایسا وجدان جس میں لمحہ بھر کے لیے۔ بندے کی کوئی تار رب سے مل جاتی ہے۔ پھر من کا طنبورہ آپ ہی آپ بجتا رہتا ہے۔ زبان گہر اگلتی ہے اور قلم موتی چنتا رہتا ہے صوفیوں کی شاعری ساری اندر کی شاعری ہے۔ اندر کے ایک خوبصورت سفر کی داستان دل آویز ہے۔

من نمی دانم کجائم کیستم!
در خودی خود فنایم کیستم!
بے نوایم بے نوایم بے نوا
بے نوایاں را نوایم کیستم!

حضرت خواجہ محمد یارؒ قدس سرہ، کی شاعری طلب وصل و طرب وصل کے اندر جذب و کیف دوری و رنجوری۔ رسائی و نارسائی۔ بندگی و زندگی کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے۔

دارالشفا میں رہ کے میں بیمار کیوں رہوں
چارہ ہے جب تو میرا تو ناچار کیوں رہوں

شاعری کیا ہے بس ایک مست الست کی سی کیفیت ہے کہ جس طرح کسی دیوانے کے ہاتھ میں نام محمدؐ کا اکتارا آگیا ہے اور زخمی انگلیوں کی پوروں سے نغمے پھوٹ رہے ہوں۔

ہم تو قرآن کے حافظ ہیں پڑھا کرتے ہیں
رخ محبوب! انوکھا ہے یہ قرآں اپنا

خواجہ محمد یارؒ کی شاعری پر اپنے مرشد قبلہ خواجہ پیر سائیں فرید سائیں کی شاعری کا رنگ بھی چڑھا ہوا ہے کیا کیجئے۔ جب مرشد قوس قزح کے سات رنگوں صبغۃ اللہ کا مظہر ہے تو پھر اس کا رنگ، حرف و آہنگ میں کیوں نہ چمکے گا۔

ہر ہک دے وچ ہک دا جلوہ
ہر جا ہک دے دیرے!

حضرت خواجہ غلام فریدؒ فرماتے ہیں۔۔

ہک جلوہ ہر ہر طرف ڈٹھم
سوگوٹھ ڈٹھم سو دیار ڈٹھم

درج ذیل اشعار حضرت خواجہ محمد یارؒ کے ہیں مگر فکری و لسانی ہم آہنگی کی وجہ سے اکثر لوگ انہیں خواجہ غلام فریدؒ سائیں کے اشعار سمجھ لیتے ہیں۔

حقیقت محمد دی پا کوئی نیں سگدا
ایتھاں! چپ دی جا اے الا کوئی نئیں سگدا
مذاہب دے جھگڑے اساں چھوڑ بیٹھے
محبت دا جھگڑا چھڑا کوئی نیں سگدا

حضرت خواجہ محمد یارؒ قدس سرہ، کی سرائیکی شاعری میں حزن و ملال، موسیقیت کا رچاؤ، فکری بالیدگی، دل کی کیفیتوں کا اتار چڑھاؤ، روایتی مٹھاس ایک انمٹ آس اور سوندھی سوندھی مٹی کی باس ہے۔

محمدؐ محمدؐ پکیندیں گزر گئی

احد نال احمد ملیندیں گزر گئی

ان کی شاعری صحرا میں پچھلے پہر و بے پاؤں چلنے والی ہواؤں کی طرح والہانہ اور دل میں اتر جانے والی شاعری ہے۔

سدا جیویں رقیباں وچ تے خوش تھیویں جیباں وچ!
اساڈے وت نصیباں وچ، لکھی ہی نت جدائی سانول
اکھیں دی چوک توں صدقے، کجل دی نوک توں صدقے
تساڈی جھوک توں صدقے، نہ تھندی ہی جدائی سانول

بشریٰ رحمن
31 مارچ 1991ء
"وطن دوست" لاہور

جوابی مراسلہ از پیر طریقت پیر منظور احمد شاہ صاحب (ساہیوال)

محب الفقراء غلام قطب الدین صاحب محمدی فریدی
وعلیکم السلاورحمتہ اللہ وبرکاتہ

جواب میں تاخیر ہو گئی۔ معذرت خواہ ہوں۔

حضرت قبلہؒ کے حالات زندگی شائع کرنے پر ہدیہ تبریک قبول فرمائیں مجھے حضرت علیہ الرحمتہ سے تعارف نہ تھا البتہ آپ کی سرکار دوسرا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے والہانہ عقیدت، ذوق و مستی، عشق و محبت کے متعدد واقعات سنے ہوئے ضرور تھے۔ مجھے ایک دوست نے دیوان محمدی پڑھنے کے لیے دیا۔ حسن اتفاق سے پہلا شعر جو نظر پڑا تو یہی تھا۔

بجاتے تھے جو انی عبدہ، کی بنسری ہر دم
خدا کے عرش پر انی انا اللہ بن کے نکلیں گے

آخری مصرعہ کے معانی، مفاہیم، تاویلات کے بحر عمیق میں غوطے کھاتا کھاتا سو گیا۔ ایک عظیم اجتماع میں حضرت کو خطاب کرتے سنا جلسہ سے فارغ ہو کر سیدھے میری طرف تشریف لائے محبت سے گلے لگایا میں نے ہاتھ چومے اور آپ نے بار بار میرا سر چوما اور فرمایا اگر درخت سے انی انا ربک فاخلع نعلیک کی آواز سے درخت کو خدا نہیں کہا جا سکتا تو حضور کی زبان سے انی انا اللّٰہ کے الفاظ سے آپ کو غلط فہمی کیوں ہو گئی۔ آپ تو ہمارے پیارے عزیز ہیں بس آنکھ کھل گئی اور جلد ہی دربار شریف پر حاضری دی۔ ان ہی کی محبت کی دلیل ہے کہ سجادہ نشیں صاحب جب ساہیوال تشریف لاتے ہیں تو ملاقات سے نوازتے ہیں۔ مجھے فرصت نہیں ورنہ تفصیلی مضمون لکھتا۔

دعاگو

ابوالنصر منظور احمد
بانی جامعہ فریدیہ ساہیوال
20-2-75

استدلال بحق شعر

از :- غزالی زمان علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی رحمتہ اللہ علیہ

گر محمد نے محمد کو خدا مان لیا
پھر تو سمجھو کہ مسلمان ہے دغا باز نہیں

سلام مسنون، دعا۔

حضرت قبلہ خواجہ محمد یارؒ صاحب کا وہ شعر جو تم نے لکھا ہے، اور اسی جیسی دوسری عبارات (جو مسلم بین الفریقین علماء کی کتابوں میں بکثرت پائی جاتی ہیں) مسئلہ وحدۃ الوجود پر مبنی ہیں، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تعینات سے قطع نظر کر کے موجود حقیقی یعنی مابہ الموجودیت حق سبحانہ و تعالیٰ کے سوا کچھ نہیں۔ ہر شے کا یہی حال ہے کہ تعینات کا انتقا ہو جائے تو حقیقت حقہ کے سوا کچھ نہوگا، اس میں نبی غیر نبی حتیٰ کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بھی خصوصیت نہیں، لیکن عامہ خلائق مظاہر ناقصہ ہیں۔ اور اولیائے کرام اپنے مراتب کے لحاظ سے کامل مظہر ہیں، اور انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام ان سے زیادہ مظاہر کمال اور جمیع کائنات سے اکمل و افضل مظہریت حضور سید عالم ﷺ کے لیے حاصل و ثابت ہے۔ اس لیے کہ کمال امور اضافیہ عینی سے ہے۔ دیکھئے خواجہ محمد یارؒ صاحب کے شعر کا مضمون حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کلام میں ہے۔ فتوحات مکیہ جلد ثانی ص 167، **انت تحسبه محمد العظیم الشان كما تحسب السراب ماء وهو ماء فى راى العين فاذجئت محمدا لم تجد محمدا وجدت الله فى صورة محمدية رئيته برؤية محمدية**، یعنی تم محمد عظیم الشان ﷺ کو محمد گمان کرتے ہو جیسے کہ تم

سراب کو دور سے دیکھ کر پانی سمجھتے ہو اور وہ ظاہری نظر میں پانی ہی ہے، مگر حقیقتاً" آب نہیں ہے۔ بلکہ سراب ہے۔ اسی طرح جب تم محمد ﷺ کے قریب آؤ گے تو تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پاؤ گے، بلکہ صورت محمدیہ میں اللہ تعالیٰ کو پاؤ گے، اور رویتہ محمدیہ میں اللہ تعالیٰ کو دیکھو گے۔) اسی طرح شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے کلام میں اسی قسم کا مضمون موجود ہے۔ انتباہ کے ص 92 پر فرماتے ہیں، صورت مرشد کہ ظاہرا" دیدہ میشود مشاہدہ حق سبحانہ، و تعالیٰ است، در پردہ آب و گل و صورت مرشد کہ درخلوت نمودار میشود آں مشاہدہ حق تعالیٰ است بے پردہ آب و گل۔ غور کیجئے صورت مرشد کے دیکھنے کو حق تعالیٰ کا مشاہدہ فرما رہے ہیں۔ اور آب و گل یعنی جسمانیت اور بشریت کو محض ایک پردہ قرار دے رہے ہیں۔

آج کے دیوبندی وحدۃ الوجود کے بھی منکر ہیں۔ حالانکہ جن حضرات کو یہ اپنے مشائخ قرار دیتے ہیں وہ اس مسئلہ پر بڑے متشدد اور حریص رہے ہیں۔ دیکھئے انور شاہ صاحب کشمیری اپنی کتاب فیض الباری جلد رابع ص 428، حدیث شریف **فکنت سمعہ الذی یسمع بہ** کے تحت دیوبندیوں کے بیان کردہ معنی کا رد کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

قلت و ھذا عدول عن حق الالفاظ لا ن قولہ کنت سمعہ الذی بصیغۃ المتکلم یدل علی انہ لم یبق من المتقرب بالنوافل الا جسدہ و شبحہ و صار المتصرف فیہ الحضرۃ الالھیۃ فحسب وھوالذی عناہ الصوفیۃ بالفناء فی اللہ تعالیٰ ای الانسلاخ عن دواعی نفسہ حتیٰ لایکون المتصرف فیہ الا ھو و فی الحدیث لمعۃ الی وحدۃ الوجود و کان مشائخنا مولعون بتلک المسئلۃ الی زمن الشاہ عبدالعزیز اما انا فلست بمتشدد فیھا۔ انتھی یعنی **کنت** سمعہ الذی کے یہ معنی بیان کرنا کہ بندہ کے کان آنکھ وغیرہ اعضاء حکم الٰہی کی نافرمانی نہیں کرتے، حق الفاظ سے عدول کرنا ہے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کے قول کنت سمعہ الذی میں **کنت** صیغہ متکلم اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ متقرب بالنوافل یعنی بندہ میں سوائے جسد و صورت کے کوئی چیز باقی ہی نہیں رہی اور اس میں صرف اللہ تعالیٰ ہی متصرف ہے اور یہی وہ معنی ہیں جن کو حضرات صوفیائے کرام

فنافی اللہ سے تعبیر کرتے ہیں' یعنی بندہ کا دواعی نفس سے بالکل پاک ہو جانا یہاں تک کہ اس بندہ میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی شی قطعاً" متصرف نہ رہے۔ اور حدیث مذکور (فکنت سمعه) میں وحدۃ الوجود کی طرف چمکتا ہوا اشارہ ہے۔ اور ہمارے شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی کے زمانہ تک اس مسئلہ وحدۃ الوجود میں بڑے متشدد اور حریص تھے میں اس کا قائل تو ہوں لیکن متشدد نہیں ہوں' اس عبارت سے مسئلہ وحدۃ الوجود کا اکابر و مشائخ دیوبند کے نزدیک حق ہونا اظہر من الشمس ہے۔ اب شاہ ولی اللہ صاحب کی عبارت ملاحظہ فرمایئے۔ انتباہ ص 91' پر **لا الہ الا اللّٰہ** کے تحت فرماتے ہیں' نیست ہیچ معبودے و مقصودے و موجودے مگر حق تعالیٰ' مبتدی را ارادہ عوام بگوید نیست ہیچ معبودے' و متوسط را ارادہ خواص بگوید نیست ہیچ مقصودے' و منتہی را ارادہ اخص الخواص بگوید نیست ہیچ موجودے۔ اسی طرح انفاس رحیمیہ میں شاہ ولی اللہ صاحب کے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب فرماتے ہیں۔ کفر شریعت دو معبود پنداشتن است' اسی طرح ص 33' پر عبارت ہے۔ خواجہ محمدیار" صاحب پر کفر کا فتویٰ لگانے والے آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ شاہ ولی اللہ صاحب اور ان کے والد ماجد دو موجود حقیقی جاننے کو کفر حقیقی فرما رہے ہیں۔ اس کے بعد دیو بندیوں کے مسلم بزرگ انور شاہ صاحب کشمیری کی عبارت سے محی الدین ابن عربی رضی اللہ عنہ کی توثیق سنئے۔ فیض الباری جلد اول ص 174' پر لکھتے ہیں' **اما اهل العلم منهم فاكثرها تتعلق بحث مسائل الصفات وغيرها و نعمت الكشوف هی۔** یعنی حضرات صوفیائے کرام میں سے جو لوگ اہل علم ہیں ان میں سے اکثر حضرات امور النہیہہ میں مسائل ذات و صفات سے تعلق رکھتے ہیں' جیسے شاہ ولی اللہ صاحب اور شیخ اکبر رضی اللہ عنہما۔ حضرت شیخ رضی اللہ عنہ کی توثیق ہمارے جلیل القدر فقہائے کرام نے بھی فرمائی ہے۔ دیکھئے درمختار جلد دوم ص 30 مطبوعہ نو لکشور لاہور میں ہے۔ شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ **انه كان رضى الله عنه شيخ الطريقة حالا و علما و امام الحقيقة حقيقتا" واسما و محى رسوما المعارف فعلا و اسما۔** الحاصل خواجہ محمدیار"

صاحب کے اشعار کا مبنی مسئلہ وحدۃ الوجود ہے۔ اگر وحدۃ الوجود کو شرکیہ عقیدہ کہا جائے تو تمام مشائخ دیوبند کافرومشرک قرار پائیں گے کیونکہ وہ سب وحدۃ الوجود پر متشدد ہیں۔ جیسا کہ انور شاہ کشمیری کی عبارت منقولہ بالا سے ثابت ہے۔ پھران اشعار کی بنا پر اگر خواجہ محمدیارؒ صاحب کی تکفیر کی جائے، تو حضرت شیخ اکبر اور شاہ ولی اللہ صاحب رحمہما اللہ تعالیٰ کی عبارت منقولہ بھی بالکل خواجہ صاحب موصوف کی عبارت جیسی ہیں۔ لہٰذا ان دونوں کی تکفیر بھی لازم آتی ہے۔ شاہ ولی اللہ صاحب کا مخالفین کے نزدیک مسلم بزرگ ہونا اس قدر واضح ہے کہ اس کے لیے کسی ثبوت کی ضرورت نہیں۔ اور شیخ اکبر رحمتہ اللہ علیہ کی توثیق انور شاہ صاحب کشمیری اور صاحب درمختار کی عبارتوں سے ظاہر ہے۔ لہٰذا شیخ اکبر علیہ الرحمتہ کی تکفیر انور شاہ صاحب اور صاحب درمختار کی تکفیر کو مستلزم ہوگی، کیونکہ کافر کی تکفیر فرض ہے اور اس کی توثیق حرام بلکہ کفر ہے۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ خواجہ محمدیارؒ صاحب کا دامن اس مسئلہ میں ایسے اکابر امت کے ساتھ وابستہ ہے کہ جن کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

واللہ اعلم بالصواب ، تمت بالخیر!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گرچه بے کارم بکردم کار را — صد ہزارا الحمد آں دلدار را

تا ثنا خوانِ محمّد گشته ام — رشک می آید بمن ابرار را

صد ہزاراں الصلوٰۃ والسلام — اے خدا از من رساں سرکار را

آں شہِ کون و مکان و لامکاں — ضامنِ ہر مسلم و کفّار را

دافعِ درد و مصیبت ہائے ما — شافعِ بدکار و بدکردار را

ہم بہ آل و ہم بہ اصحابش تمام — پیرِ چشتی مخزنِ اسرار را

گرچه حسّاں نیستم سحبان نیم — مدح او شیریں کند گفتار را

لب بلب جستم ولیکن لب زدم — چوں بشکلِ غیر دیدم یار را

دیدنم بنگر که با چشمِ سرم
شکلِ حق دیدم محمّد یار را

اے آنکہ نقشِ پائے تو نقشِ جبینِ ما
سوئے تو سجدہ حجتِ اسلام و دینِ ما

ما مستفیضِ احمد و توفیضِ احمدی
اے ابرِ نو بہار، کرم بر زمینِ ما

در دستِ خویش عُروۃُ وثقیٰ گرفتہ ایم
دامانِ یارِ ماست چہ حبلُ المتینِ ما

فارغ ز این و آں شوم ار یک نگہ کنی
قربانِ یک نگاہِ تو ہم آن و این ِما

ساقی و مَے و مُطرب و مَے خانہ و نگار
ایں پنج یار روز و شب آمد قرینِ ما

تنہا شدیم از دو جہان فارغ آمدیم
ہر لحظہ ہر دم است کسے ہم نشینِ ما

کَے پُر شود ز شربتِ دیدارِ آں نگار
جامِ نگاہِ چشمِ خداوندینِ ما

ترس اے فلک شکستن دلہار واندار

بس نازک است ایں دلِ نازک ترینِ ما

ما از سگانِ کوچۂ آں شاہِ صَولتیم

شیرِ ژیاں غلامِ غلامِ کمینِ ما

از بندگانِ حضرتِ سرکارِ نازکیم

سُلطانِ ما جنابِ محمّد معینِ ما

عبدالفرید و فرد و فریدیم از دو کون

اے مردِ راہ نوش زجامِ یقینِ ما

○

السّلام اے سیّد و سالارِ ما السّلام اے سرور و سرکارِ ما

السّلام اے قبلۂ حاجاتِ ما السّلام اے کعبۂ طاعاتِ ما

السّلام اے بادشاہِ کُن فکاں السّلام اے شاہبازِ لامکاں

السّلام اے نور بخش ہر ضمیر السّلام اے طُور بخشِ مستنیر،

السّلام اَے ناقہ خیرُ الرُّسُل ۔۔۔ السَّلام اَے شیر بخشِ جزو وکل

السّلام اَے کعبہ ہر خاص وعام ۔۔۔ السَّلام اَے قبلہ حال ومقام

خوش بگفت آں سید و مولائے ما ۔۔۔ در میانِ مثنوی حالِ شما!

در نیابد حالِ پختہ ہیچ خام ۔۔۔ پس سخن کوتاہ باید والسّلام

السّلام اَے خطِّ توحیدِ خُدا ۔۔۔ السّلام اے شرحِ شانِ مُصطفٰے

الوداع اَے جُرم بخشِ مُجرماں ۔۔۔ الفراق اَے دارِ تو دارُالاماں

خود حامد و خود حمد و محمّد مائیم
حیرانیٔ ما خوش است حیرانیٔ ما

چرا آمد ندانم بے نیاز اندر نیاز ایں جا

حقیقت راہمی بینم عیاں شکلِ مجاز ایں جا

عجب دیدم تماشائے بدرگاہِ فریدالدّین

ولی ایں جانبی ایں جا خدائے کارساز ایں جا

یکے بینم خدا و مُصطفٰے را فاش می گویم

کہ بیروں رفتہ ام ز اقلیمِ فرق و امتیاز ایں جا

گہے مولاستم گاہے غلامم مستیم بنگر

گہے چوں شاہِ محمُودم گہے مثلِ اَیاز ایں جا

ہماں راز یکہ اندر دل نہاں می داشتم آخر

بگفتم بر سرِ ممبر بہ پیشِ اہلِ راز ایں جا

کشادِ کار اگر خواہی نیاز اندر نیاز افزا

کہ شاہنشاہِ ناز آمد بتصویرِ نیاز ایں جا

زوَالیلِ اذا یغشٰی چہ پُرسی از منِ ناداں

نگنجد در بیانِ طُولائی زلفِ دراز ایں جا

مپرس از ایں محمدؐ رازھائے آں محمدؐ را
گہے مسجود و گاہے ساجد خود در نماز ایں جا

شہِ ملکِ قضا ایں جا حبیبِ کبریا ایں جا!
معین و قطبِ دیں ایں جا فریدؒ و فخر و ناز ایں جا

علاجِ لاعلاج ایں جا شہِ نازک مزاج ایں جا
کریم ابن الکریم و مخزنِ توحید و راز ایں جا

بیا در کوٹ مٹھن تا رُخِ خیر الوریٰ بینی
کہ در شکلِ فرید آمد شہنشاہِ حجاز ایں جا

چہ گویم شان شاہِ فیض احمد رانمیدانی
کہ شاہنشاہِ خوباں پاکداماں پاکباز ایں جا

○

اے آنکہ نازھائے تو شرحِ نیازِ ما
قربان کبر و نازِ تو صدھا نمازِ ما

اندر خمِ دو ابروئے یار استقامت است

تیرِ حقیقت است کمانِ مجازِ ما

محمُود غزنوی کہ شہنشاہِ وقت بود

عشقش گرفت وگشت غلامِ ایازِ ما

خاکِ رہِ حبیب طبیبِ دو چشمِ ما است

کُحلُ الجواہر است غُبارِ حجازِ ما

○

دی در تلاشِ دل شدم و دل رُبا بگفت

دلہا معلّق اند بزلفِ درازِ ما

از بہر دیدنِ تو حریص است دیدہ ام

اے دیدنِ تو مایۂ صد حرص و آزِ ما

مومن چو کافر است بفتوائے کفرِ من

از جملہ عالم است ہمیں امتیازِ ما

تو محض مہر و رحمت و ما پُرخطا و جُرم

اَے طالبِ گناہِ من و عشقبازِ ما

آں طاق ابروئے تو کز ابروئے تُست

محرابِ را مسجد است برائے نمازِ ما

نامم محمدؐ است تو بخشندۂ بمن

جامم بہ بخش ساقیٔ بندہ نوازِ ما

○

شورِ دوران است کارِ یارِ ما — گُل بدامانست خارِ یارِ ما

ہر حسیں را مُبتلا دارد ہمی — جانِ خوباں شُد نثارِ یارِ ما

ما فقط در انتظارِ اُو نئیم — ہر کسے در انتظارِ یارِ ما

خاکپایش غازۂ رُوئے بتاں — سُرمۂ ایشاں غبارِ یارِ ما

چشم بکشا تا بہ بینی العیاں — جلوہ ہائے بیشمارِ یارِ ما

یارِ ما گش بے کنار آمد ولے — جائے ما اندر کنارِ یارِ ما

مستحق دارِ یار آمد سرم — تختِ عشاق است دارِ یارِ ما

نادر عشقیان

از مقامِ آں فریدالدّین مپرس — بس بلند آمد منارِ یارِ ما

از محمد بخش میدارد اُمید — ایں محمّد یادگارِ یارِ ما

باخدا گوید محمّد بخش کن! — ایں گناہِ بے شمارِ یارِ ما

ہست مقبول محمّد مصطفیٰ

ایں محمّد یار یارِ یارِ ما

○

در خمِ ابرو خمیدن آرزوست — سجدہ ہا را آفریدن آرزوست

سالہا در پردہ ہایت دیدہ ام — یک زماں بے پردہ دیدن آرزوست

عمرہا در خاک وخوں غلطیدہ ام — سوئے افلاکم پریدن آرزوست

یا الٰہی گر رسم در کوئے اُو — خاکِ کویش را چشیدن آرزوست

دیدہ ام صد بار آں دلدار را — دیگرم صد بار دیدن آرزوست

اے گلستانِ فریدالدّین ما — در چمن ہایت چمیدن آرزوست

آرزویم را نگر شوقم بہ بیں — در مقامِ او رسیدن آرزوست

خارِ عشقش را بہ بیں گوید بمن — در دلت ہر دم خلیدن آرزوست

تا محمّد را محمّد دیدہ ام

زیرِ پائش آرمیدن آرزوست

بسرِ سگت کہ سرم از دگرے خبرے نشُد
بسگِ درت کہ سگ ترا بدگرے درے گزرے نشد

بہ تمثلِ تو کہ در زمیں بہ مثالِ تو بشرے نشُد
بہ تجلّی تو کہ در فلک بجمال تو قمرے نشد

بطلب اگر چہ دویدہ ام بغبار تو نہ رسیدہ ام
بکمان تو چہ خمیدہ ام کہ ہلالِ من بدرے نشد

بجبین تُست یمینِ من کہ زمین تُست جبینِ من
بہ تو سجدہ حجتِ دینِ من چہ شد ار ترا اثرے نشد

ہمہ عمر رفت بجستجو شدہ سالہا است بہ گفتگو
تو گہے نہ گفتی کہ اے عدو ہنرِ ترا قدرے نشد

نہ جنوں کہ با تو ترش شوم نہ سکوں کہ گنگ و خمش شوم

نہ فنون کہ شاغل و خوش شوم من از تو یک نظرے نشُد

بہ نمودِ تُست نمودِ من بوجودِ تست وجودِ من!

بشہودِ تست شہودِ من ز حقیقتم خبرے نشُد

نہ تو آں کسی کہ بمن رسی نہ من آں کسم کہ بتو رسم

چہ کنم صنم بتلاشِ تو بوطن ز من سفرے نشُد

زِ خیالِ غیر تو رستہ ام دلِ خویش را بتو بستہ ام

بغمِ فراقِ تو خستہ ام کرم تو چارہ گرے نشُد

بہ بطونِ محمدؐ امجدم بظہورِ صورتِ احمدم

بجز از نثارِ محمدؐم بدلم دگر خطرے نشُد

○

بد قبلۂ جاں صورتِ زیبائے محمدؐ — شُد کعبۂ دل نقشِ کفِ پائے محمدؐ

حیران کُن ہر فلسفی و عقلِ کُل آمد — ممکن نہ بود حلِّ معمّائے محمدؐ

از اسم و صفت درگزر دسرِّ خدا ایں — از ذاتِ خُدا بود تجلائے محمدؐ

سر گوئی برو ترک تو کردن بود آساں　　مشکل بود ایں ترک تمنّائے محمدؐ

مقصود ز کونین بُد ایں نقشِ محمد　　نقّاشِ ازل بود سراپائے محمدؐ

شُد نفی وجودم ہمہ از لائی محمدؐ　　اثبات من از رحمت الائے محمدؐ

از قامت او ہست قیامت بقیامتہ　　قربان بقیامِ قد بالائے محمد

از حُسنِ محمدؐ چہ تواں گفت محمدؐ

خود حُسنِ ازل بود تماشائے محمدؐ

○

دردمندیم و درد ملّتِ ماست　　درد دلدار دین و دولتِ ماست

ننگ و ناموس رانمی خواہم　　ذلّتِ کوئے دوست عزۃ ماست

زخم بر زخم بآئید م ہر دم　　مرہم زخم ما جراحت ماست

فاعلِ فعل چوں ہو اللہ است　　ایں دلیلِ کمال عصمت ماست

ہست مسجودِ ما محمدؐ ما!

سجدہ در گہش عبادتِ ماست

اے آنکہ بجز دردِ تو درمان نباشد
جز کفرِ سرِ زلفِ تو ایمان نباشد

شیطان بود آنکس کہ کند منعِ سجودت
انکارِ تو جز در دلِ شیطان نباشد

سلطان نشد آنکس کہ گدائے تو نباشد
بے گریۂ درگاہِ تو سلطان نباشد

در مذہبِ ما کفر بود غیرِ تو دیدن
بینندۂ غیرے تو مسلمان نباشد

الحمد کہ با فردِ فرید است خطابم
آں گوہرِ پاکست کہ در کان نباشد

مثلِ او محال است مثالِ او یقیناً
در بلخ و بخارا و بدخشان نباشد

از راہِ تعین گذرے کرد باطلاق
مدحش نتواں کرد کہ امکان نباشد

دی یوسفِ کنعان ہمی دید و ہمی گفت
کس نیست کہ از حسنِ او حیران نباشد

محمود محمد شدہ محمود محمد
حمد لیست کہ در طاقتِ انساں نباشد

○

اے آنکہ شرحِ نازِ تو طرحِ نیازِ ما
رازِ حقیقتِ تو ظہورِ مجازِ ما

در پردہ و پردۂ ما را دریدہ
بے پردہ باش تا نگری سوز و سازِ ما

سلطانِ غزنوی کہ تسلط تمام داشت
بد بندۂ فگندۂ بپائے ایازِ ما

عالَم غبارِ تست زِ زلفِ درازِ تو قربانِ تارِ زُلفِ تو عُمرِ درازِ ما

در بستہؔ و جملہ جہاں را شکستہ اے بستۂ تو ہم عجم و ہم حجازِ ما

در پنج وقت جانبِ کعبہ است سجدہ در ہر زماں بہ سوئے محمدؐ نمازِ ما

مدحِ محمدؐ عربی شانِ ما شدہ است

جانِ محمدؐ است محمّد نوازِ ما

○

الحمد یا فرید کہ نعمت تمام شُد

یعنی اسیرِ زلفِ تو ہر خاص و عام شُد

فیضِ تو دیدہ ایم کہ عالم فرا گرفت

لطفت شنیدہ ایم کہ ہر صبح و شام شُد

فیضِ فرید قطبِ جہاں کعبۂ شہُود

از فیضِ یک نگاہِ تو شیخ و امام شُد

در خورد سالگی و یتیمی بلطفِ تو

دُرِّ یتیم گشت و محمّد مقام شُد

عمرش دراز و قدرِ رفیعش فراز باد
مقبول شُد دعا که اجابت غلام شُد

حلاّلِ مشکلاتِ جہاں فیضِ احمد ست
از فقر نام صاحبِ نظم و نظام شُد

شاہِ جہاں محُمّد صادق کریم وقت
صدقش نگر کہ بندۂ و پیر و غلام شُد

در بندگیش شاہیٔ مضمر بدیدہ ایم
شاہنشہ است گرچہ بظاہر غلام شُد

عمرش چو خضر باشد و شوکت سکندری
ایّامِ کامراں بکامش مدام شُد

عمّ نبی بمرقدِ پاکت کہ در جہاں
فرزندِ تو چو طفلِ خدا نیک نام شُد

من بندۂ محُمّد پاکم زصدقِ دل
مولائے من محُمّد خیرالانام شُد

من بندۂ کمینۂ نُورِ محمّدم | مستِ مئے شبینۂ نُورِ محمّدم

شیر ژیاں ز رعبِ من آید بلرزہ | من یک سگِ کمینۂ نُورِ محمّدم

تلوین برفت و صاحبِ تمکین گشتہ ام | لذت چشِ سکینۂ نُورِ محمّدم

پاکم ز اسم و رسم مُبرّا ز کین و خشم | پیوستہ زیرِ سینۂ نُورِ محمّدم

عقل کُل ام کہ بندۂ عاقل محمُّدم | جا کردہ در مدینۂ نُورِ محمّدم

چوں ذوالفقارِ حیدرِ کرّار ہر دمے | قتّالِ اہلِ کینۂ نُورِ محمّدم

دریائے بے کنار گر امواج میزند | من ساکنِ سفینۂ نُورِ محمّدم

من عاقلم کہ دست بداماں عاقلم | دیوانۂ حسینۂ نُورِ محمّدم

ایں سینۂ من است کہ گوید بہر کسے | تنور آتشینۂ نُورِ محمّدم

شُد سالہا کہ بر درِ پاکش نشستہ ام | اُمید بر خزینۂ نُورِ محمّدم

نامم محمّد است پناہم بہر دو کوں
منقوش در نگینۂ نُورِ محمّدم

○

زندگی بے یار پُر خارے بود | زندگی با یار گلزارے بود

گر نباشد یاری روح القدس عیسٰیِ مریم چو بیمارے بود

عشق چوں در خشم می آید گہے شیخِ صنعاں زیرِ زنّارے بود

ہست بے رنگی مقامِ آشتی موسٰی، فرعون را یارے بود

بر سرِ دار خدا منصور دار ہر کہ او بر دار سردارے بود

گر نہ ابراہیم وقتی دم مزن مدّعی نمرودِ فی النّارے بود

گر نہ مسجودش محمّد مصطفٰے است

ایں محمّد یارِ غدّارے بود

○

جاں دادہ ایم و حضرتِ جاناں گرفتہ ایم

یوسف گرفتہ ایم و چہ ارزاں گرفتہ ایم

خاکِ درِ حبیب ز یزداں گرفتہ ایم

بختے نگر کہ تختِ سلیماں گرفتہ ایم

چیزے گرفتہ ایم و پشیزے ندادہ ایم

بازورِ عشقِ احمد فاراں گرفتہ ایم

شاہنشاہیم و مُلک خُدا ملکِ ماشد ست
ما ملک را بفقرِ فقیراں گرفتہ ایم

سلطاں نخوئیم و تکبّر ردائے ماست
ایں کبرِ از تکبّرِ یزداں گرفتہ ایم

اندر خودیٔ خویش خدا را بدیدہ ایم
ایں دیدن از شمیدنِ خوباں گرفتہ ایم

دردِ محمّدیم و محمّد طبیبِ ماست
بہرِ دوائے درد چہ درماں گرفتہ ایم

○

ما سلطنت بگو چہ جاناں فروختیم | مورِ حقیر را بسلیماں فروختیم
ما وصلِ یارِ خویش بہ ہجراں فروختیم | یوسف فروختیم و چہ ارزاں فروختیم
در بندگیٔ پیرِ مغاں پیر گشتہ ایم | ما زندگی بہ بندگی آں فروختیم
زخمِ جگر بہ ہیچ دوا بہ نمی شود | داروئے زخم را بہ نمکداں فروختیم
تسکینِ قلب و حاصلِ عمرِ دراز را | با حلقۂ زِ زلفِ پریشاں فروختیم

تا جنسِ عشقِ یار زدکاں خریدہ ایم — کفراں بگیر و دیں بہ مسلماں فروختیم

لامذہبیم و مذہبِ ما ترکِ مذہب است — زاں مذہبے بمشربِ رنداں فروختیم

ما حامدِ محمدِ پاکیم از ازل

حمدِ خدا بحمدِ خدا داں فروختیم

○

در دست دوائے دردمنداں — زخم است شفائے دردمنداں

در راہ حبیب برق رفتار — گرد است غذائے دردمنداں

با غیرِ تو مشتغل نباشند! — ایں است وفائے دردمنداں

از گرمیِٔ آہِ شاں بتر سید — گرم است ہوائے دردمنداں

افلاک زِ آہِ شاں بترسند — قرباں بادائے دردمنداں

در دیر و حرم گزر ندارند — دار ست برائے دردمنداں

پاک اند زِ مذہب و زِ ملّت — جانم بفدائے دردمنداں

مردند زِ سرِّ تو نگفتند — ایں است وفائے دردمنداں

اللہ محمد، محمد بنگر — اینست خدائے دردمنداں

قطبِ دورِ زماں فریدُالدّین غوثِ ہر انس وجاں فریدُالدّین
کعبۂ جسم وجاں فریدُالدّین قبلۂ گل رُخاں فریدُالدّین
ملجائے بیکساں فریدُالدّین ماوائے عاصیاں فریدُالدّین
نورِ چشمِ جہاں فریدُالدّین چشمِ بینندگاں فریدُالدّین
ذکرِ رُوحانیاں فریدُالدّین فقرِ فخرِ جہاں فریدُالدّین
ہست مولائے بندگانِ خُدا بندۂ بندگاں فریدُالدّین
از مکانش اگر ہمی پُرسی ساکنِ لا مکاں فریدُالدّین
در فنائش بقا ہمی نگرم باقی وجاوداں فریدُالدّین
خواجگانِ زمانہ غلمانش خواجۂ خواجگاں فریدُالدّین
سُرمۂ چشمِ خواصگانِ خُدا خاک پائے سگِ فریدُالدّین
المدد المدد فریدالدین الاماں الاماں فریدُالدّین

اے محمّد نگر محمّد را
ہست عین وعیاں فریدُالدّین

بوسۂ رویت شفاً عاشقاں   سجدۂ کویت دواً عاشقاں

ایں قدر دانم کہ در ملکِ مجاز   تیغِ ابرویت قضاً عاشقاں

سیرِ جبریل است تا المنتہےٰ   منتہایش ابتدأ عاشقاں

کارِ ہر کس نیست ترکِ مدعا   ترکِ او شد مدعاً عاشقاں

گر محمّد نیست مسجُود دلم
کافرِ عشقم خُداً عاشقاں

○

روا باشد زما دلبر دگاں اَے دلبرا رفتن

تو جانِ جانما کے زیبدت از جانِما رفتن

نخستیں لطفہا کردن بہ زنجیرِ دِفا بستن

پس آنگہ پردہ ہا کردن بصد ناز وادا رفتن

جفا کردن جفا کردن وفا را زیرِ پا کردن

زخونِ ما حنا کردن بملکِ اِنّما رفتن

ہمیدانم کہ در ملکِ وفا شاہنشہی کردی

ترا با ما جفا کردن نہ زیبد بے وفا رفتن

بہ ہجراں سالہا سوزیدن و یک دم نیاسودن

چو زلفِ خود پریشاں کردن بے اعتنا رفتن

بسیرت چوں علی المرتضیٰ مولائے ما گشتن!

بصورت بے کدورت چو محمدؐ مصطفیٰ رفتن

مریض لادوا ہستم بہ عشقت مبتلا ہستم

مریضِ بے نوا را یک نظر نادیدہ وا رفتن

کجا رفتی، کجا رفتی، چرا رفتی، چرا رفتی

ملول از ما شدی کردی پسند از پیش ما رفتن

فرید پاک در اوصاف تو رطب اللساں آمد

ازاں ہرگز نتاند از درِ تو ایں گدا رفتن

تو عاشق بر رضا بودی محبِ مصطفیٰ بودی

نشاید بے رضائے ایں رضا سوئے قضا رفتن

بجز تو این محمد یار را اے دل رُبا ہرگز
نشاید ماندن این جا جانبِ دارُالبقا رفتن

○

فریدُالدّین محبوبِ الٰہی — تو مختاری کنی ہر چونکہ خواہی
تو سلطانُ المشائخ بالیقینی — تُرا زیبد کلاہِ پادشاہی
کریم ابن الکریم ابن الکریمی — کریمانِ جہاں را قبلہ گاہی
حقائق رانمی دانم تو دانی — حقائق را کُشا بر من کماہی
گنہگارم نمی دانم پناہے — پناہم دہ کہ عالم را پناہی

محمد یار شُد یارِ محمد
کہ یارِ من تو محبوبِ الٰہی

○

اے آنکہ جہاں راز پناہِ تو اماںے — سرگشتۂ عشقِ تو جہانے بجہانے
شُد کُشتۂ تیرِ نگہت گبر و مُسلماں — شُد بستۂ زنجیرِ دو زلفت دو جہانے

از وہم و گماں برتر و در ملکِ یقینیم
تیرِ تو چہ تیرے و کمانے چہ کمانے

قتلِ دو جہاں بر تو مباحست نگارا
پاکیم ز اد ناس تو وہم و گمانے

ہر جا کہ رسیدیم ہمہ روئے تو دیدیم
خود جلوۂ تو ہست بہر جا و مکانے

اسکندری و فتحِ مبین ست غلامت
از تیغِ تو کس را نہ پناہے نہ امانے

بر خاک نشستیم و ز افلاک گزشتیم
اے خاک درِ پاکِ تو اکسیر زمانے

در سجدۂ درگاہِ فریداست سرِ ما
سرکار فریداست خداوند جہانے

شد عمرِ محمّد ہمہ در حمد محمّد۔
الحمد کہ در حمدِ الٰہ است زبانے

حصّہ

دوم

◎

اُردو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُمُّ الکتاب ہے رُخِ زیبا فرید کا

کیا خوب فاتحہ ہے کتابِ مجید کا

تختِ فرید تخت ہے ربِّ فرید کا

نقشہ کھچا ہوا ہے یہ عرشِ مجید کا

سُنتے ہیں دیکھتے ہیں سمیع و بصیر ہیں

مُنکر کو ہے وعید عذابِ شدید کا

ذکرِ فرید ذکرِ خُدا ہے خُدا گواہ

ہے فَاذْکُرُوا میں تذکرہ ذکرِ جدید کا

اَبْعَدُ بعید سب کہیں یَا اَیُّھَا الفرید

یاں فرق اُٹھ چکا ہے قریب و بعید کا

میخانۂ فرید میں مستوں کی دھوم ہے

مستانہ ہو رہا ہے زمانہ فرید کا

بس یا فرید کہتے ہی جنت ملی ہمیں!

اللہ ڈھونڈتا ہے بہانہ فرید کا

میں بُلبُلِ فرید ہوں باغِ فرید میں!

عادی ہوں عینِ دید میں ھَلْ مِنْ مَّزِید کا

○

آیات بیّنات ہیں مکھڑا فرید کا — دیدارِ کردگار ہے چہرا فرید کا

انور ہے آفتاب سے ذرہ فرید کا — کھلتا نہیں کسی سے مُعمّا فرید کا

تفسیرِ والضّحیٰ ہے تجلّی فرید کا — تصویرِ مصطفےٰ ہے نظارا فرید کا

جب تک سکون و گردشِ ارض و فلک رہے — بجتا رہے الٰہی نقّارا فرید کا

دریائے بے کنار ہے قطرہ فرید کا — ملتا نہیں کسی کو کنارا فرید کا

لاکھوں جِلائے آپ نے ٹھوکر کے زور سے — اُٹھتا نہیں مسیح سے مارا فرید کا

غیروں کے در پہ جانے کی حاجت نہیں رہی — کافی ہے ہم کو ایک سہارا فرید کا

شاہ و گدا فقیر و غنی سب کو ہے پسند

بلبل مگر ہے خاص پیار افرید کا

○

آج دلبر کو ہم نے دیکھ لیا — حق کے مظہر کو ہم نے دیکھ لیا

اُن کی شوخیٔ نگاہ میں ہر دم — تیر و خنجر کو ہم نے دیکھ لیا

پھر کسی پیر کی نہیں حاجت — شیخِ اکبر کو ہم نے دیکھ لیا

اُن کی قامت نہیں قیامت ہے — شورِ محشر کو ہم نے دیکھ لیا

تجھ کو اے دلربا خدا رکھے — صنع قادر کو ہم نے دیکھ لیا

آج نیکی مری تمام ہوئی — نیک منظر کو ہم نے دیکھ لیا

لبِ شیریں کی مسکراہٹ میں — لبِ کوثر کو ہم نے دیکھ لیا

فردِ ہو کر فرید بن آیا

رازِ داور کو ہم نے دیکھ لیا

○

سہرا

بر شادی کتخدائی حضرت قبلہ خواجہ فیض احمد رضا صاحب رضی اللہ عنہ

حق نے دولہا پہ شفاعت کا اُتارا سہرا
ساری اُمت کے لیے بخش کا چارا سہرا

بخت بیدار ہوا تخت پہ آیا سردار
عرشِ اعظم کے فرشتوں نے اُتارا سہرا

چشمِ بد دُور کہا حُوروں نے اللہ غنی
سرِ سرکار پہ کیا خوب سنوارا سہرا

پاک گلزار سے گُل چُن کے پرویا ہم نے
پاک دامن کے لیے پاک پیارا سہرا

دلربا دلبر و دلدار، دلآرا سہرا
نورِ جاں نورِ جہاں نور نظارا سہرا

فیضِ احمد پہ رہے فیضِ محمدؐ ہر دم
باغِ تفرید سے آیا ہے ہمارا سہرا

ہم نے مانا ہے عجب شان تھی پہلی لیکن!
کوئی دِکھلا دے ہمیں ایسا دُلارا سہرا

آج اُترا ہے یہاں عرش کا تارا سہرا
کل بجے گا وہاں جا کے نقّارا سہرا

شانِ محبوب ملی، آن ملی محبُوبی
فضل دوبارہ ہوا آیا دوبارہ سہرا

کیا عطا ہوتا ہے مالک کو الٰہی دیکھیں
پھُول ہلکے ہیں مگر شان کا بارا سہرا

آلِ محبوب کو اولاد کا ہے وصل نصیب
جمع بحرین ہے گا خضر خُدارا سہرا

لاکھ الحمد کہ گلزارِ فریدُالدّین سے
آج بُلبُل نے عجب نذر گزارا سہرا

کیا کہوں، حیرت میں ہوں رُتبہ رسُولُ اللہ کا

سب بڑوں سے ہے بڑا چھوٹا رسُولُ اللہ کا

بندگی سے آپ کی ہم کو خُداوندی ملی

ہے خداوند جہاں بندہ رسُولُ اللہ کا

مَر گئے مرتے ہیں لاکھوں حسرتِ دیدار میں!

پر کہیں اُٹھتا نہیں پردہ رسُولُ اللہ کا

حَیّ و قیّم ہے ہمارا مُصطفےٰ صلّی علےٰ

تا ابد رائج رہے سِکّہ رسُولُ اللہ کا

خاکِ پائے مصطفےٰ کی حق نے فرمائی قسم

کون ہو سکتا ہے ہمپایہ رسُولُ اللہ

قُدرتِ قادر سے ہے ایجادِ جملہ ممکنات

پر بنا سکتا نہیں ہمتا رسُولُ اللہ کا

مملکتِ سُلطانِ اعظم کی کہاں تک ہو بیاں

مالک و مملوک ہے سارا رسُولُ اللہ کا

واجب و ممکن یہاں ملتے ہیں اے موسیٰ و خضر

مجمع البحرین ہے چشمہ رسولُ اللہ کا

سجدہ آخر وہ آلہ حور و ملک جنّ و بشر

دیکھ لیں بے پردہ گر مکھڑا رسولُ اللہ کا

آپ ہیں یکتا خدا یکتا کی یکتائی کو دیکھ

شانِ یکتائی میں ہے جلوہ رسولُ اللہ کا

ہے نظیرِ احمدِ مرسل یقیناً ممتنع

اس لیے ملتا نہیں سایہ رسولُ اللہ کا

نعت خواں بلبل تو اب بس کر بیانِ مصطفےٰ

تیرے لفظوں میں نہیں معنا رسولُ اللہ کا

○

قبلۂ قبلہا غریب نواز　　کعبۂ اولیا غریب نواز

ہے بدارُ الشفاءِ عثمانی　　مرھمِ لا دوا غریب نواز

منکروں کو لگے ہیں تیغ سے تیز　　دل سے جب نکلے یا غریب نواز

مُنکرو کب ندائے غائب ہے — دیکھ لو جا بجا غریب نواز

دلبرِ با وفا غریب نواز — کانِ جود و حیا غریب نواز

دشمنوں کا بھلا ہوا تم سے — دوستوں کا بھلا غریب نواز

تیرا میخانہ سُن کے آیا ہوں — دُور سے مے پلا غریب نواز

سُن رہا ہوں کہ تیرے در پر ہے — میرے دل کی دوا غریب نواز

میری بگڑی کہیں نہیں بنتی — تُو بنا، تُو بنا غریب نواز

دل ہے ویراں، بنا غریب نواز — گھر ہے اُجڑا بسا غریب نواز

کر برائے خُدا، برائے رسُول — میری حاجت روا غریب نواز

میں غریب اور تو غریب نواز — لطف فرماؤ یا غریب نواز

مُجھے دارالشّفا بِلا تیرا — در ہے دارالشفا غریب نواز

یک نظر از تو تا ابد کا ہے — چشمِ رحمت کُشا غریب نواز

یک نظر از تو کرد مستغنی — از کہ از ماسوا غریب نواز

دافعِ ہر بلا غریب نواز — رافع رُتبہ ھا غریب نواز

تو جو چاہے تو دل میں غل نہ رہے — میرا دل کر صفا غریب نواز

مجھے دشمن کی ضرب میں ہر دم نہ رکھو مبتلا غریب نواز
مار دشمن کو یا سدھار اس کو دو سے اک کر دکھا غریب نواز
کیا کہوں مختصر ہی کہنا ہے دل کا ہو مدّعا غریب نواز

بلبلا گر ترانہ خواہی
بشنو از ما کہ یا غریب نواز

○

خدا کی پاک صورت کو محمد میم کہتے ہیں
محمدؐ بے کدورت کو خدا یا پیر کہتے ہیں
حسیں جتنے ہیں عالم میں غلامانِ محمدؐ ہیں
اسی کو حسن والے حسنِ عالمگیر کہتے ہیں
فریدُالدّین کی تنویر کو سب دیکھنے والے
محمدؐ مصطفےٰ کے حسن کی تصویر کہتے ہیں
نگاہ و زلف نے مل کر مسخّر کر لیا عالم
نگہ شمشیر زلفِ یار کو زنجیر کہتے ہیں

رُخِ ابیض جمالِ اللہ خطِ اسود جلال اللہ

رُخِ تاباں کو قرآں خط کو ہم تفسیر کہتے ہیں

فقط اک راز ہے دل میں کہ جس کو جاننے والے

جگر کے واسطے دل کے لیے اکثیر کہتے ہیں

محمدؐ بن کے جینا جامِ توحیدِ خُدا پینا!!

قلندر اس کو حضرتِ عشق کی تفسیر کہتے ہیں

○

دارالشفا میں رہ کے میں بیمار کیوں رہوں

چارہ ہے جب تُو میرا تو ناچار کیوں رہوں

عبدالفرید ہو کے لباسِ فرید میں

شاہنشہِ جہاں بنوں نادار کیوں رہوں

ہے آرزو یہ دل میں کوئی آرزو نہ ہو!

مطلوب جب کہ میں ہوں طلبگار کیوں رہوں

مدحِ محمدّی سے محمدّ بلا ہے نام

مدّاح بے گنہ ہوں گنہگار کیوں رہوں

○

فریدالدّین یار از نہانی دیکھتے جاؤ

محمدّ مصطفٰے کی العیانی دیکھتے جاؤ

بہت دیکھے ہیں محبُوبانِ عالَم تم نے اَے یارو

فریدُالدّین کی یوسُف نسمانی دیکھتے جاؤ

مُریدی لاتخف سنتا ہے ہر اک چاہنے والا

یہاں دریائے رحمت کی روانی دیکھتے جاؤ

اَلاَ یا ساکنانِ پاک پتن ، کوٹ مِٹھن میں

فریدُالدّین لاثانی کا ثانی دیکھتے جاؤ

بیانِ زُلف میں آیا ہے واللّیلِ اذا یغشٰی

شبِ تاریک میں عنبر فشانی دیکھتے جاؤ

شہنشاہِ جہاں ہو کر جہاں کی پاسبانی کی
شہنشاہی میں شانِ پاسبانی دیکھتے جاؤ

نشاں میں بے نشاں کی بے نشانی دیکھتے جاؤ
مکاں میں لامکاں کی لامکانی دیکھتے جاؤ

محمدؐ میں فنا ہو کر محمدؐ بن کے نکلا ہے
حبیبِ کبریا کا شیخ فانی دیکھتے جاؤ

○

صورتِ رحمان ہے تصویر میرے پیر کی
عَلَّمَ الْقُرْآن ہے تقریر میرے پیر کی

کیا کہوں کس سے کہوں کہنے کی حاجت ہی نہیں
کھلتی ہے تصویر سے توقیر میرے پیر کی

دیکھتے ہی مٹ گیا نقشِ خودی دِل سے میرے
راجمِ شیطان ہے تصویر میرے پیر کی

منکرِ دیدار کو اقرار ہوتا ہے نصیب
حجّت و بُرھان ہے تصویر میرے پیر کی

کیا خدا کی شان ہے یا خود خُدا ہے جلوہ گر!
مِلتی ہے اللہ سے تصویر میرے پیر کی

کیا عجب جذّاب ہے زُلفِ مُسلسل آپ کی
وحشیوں کی جان ہے زنجیر میرے پیر کی

جِنّ و انسان و مَلک، حور و فلک سجدہ میں ہیں
بس خلافت ہو چکی تحریر میرے پیر کی

مُتّفِق ہیں کافر و مُسلِم فریدُالدّین ہیں
کیا نرالی شان ہے تسخیر میرے پیر کی

سنگ دل جیسا ہو میرے سامنے ہوتا ہے موم
یہ میری صورت میں ہے تاثیر میرے پیر کی

خاک نر ہوتی ہے پتھر لعل بنتے ہیں یہاں
باعثِ ایمان ہے اکسیر میرے پیر کی

جان والے مشتغل ہر آن ہوتے ہیں مگر
مشتغل ہر آن ہے تصویر میرے پیر کی

خُلد ہے یا قُبۂ بیضا ہے یا عرشِ خُدا
وہ جمالی شان ہے تعمیر میرے پیر کی

کوٹ مِٹھّن پاکپتن ہے فریدُالدّین کا
پاکپتن میں بھی ہے تفسیر میرے پیر کی

غوثِ اعظم ہے فریدُالدّین اے چشمِ بصیر!
فرش سے تا عرش ہے تنویر میرے پیر کی

دفترِ یَمحُو و یُثبِت پر ہے تیرا اقتدار
گُل بنا بُلبُل کو اے تقدیر میرے پیر کی

کُھلے جلوے ہیں اِس در پر فقط اللہ اکبر کے
ہمیں سجدے روا ہیں خواجۂ اجمیر کے در کے

یہ ہر دم کہہ رہے ہیں در پہ تختے سنگِ مرمر کے
کہ پھر مرتے نہیں جو جی اُٹھے اُس در پہ مَر مَر کے

یہ سنگِ در ہے یا مظہر ہے حُسنِ لایزالی کا ! ! ! !
کہ لاکھوں مہ جبیں ہیں جبّہ سا اُس پاک پتھر کے

عجب میخانہ دیکھا اُس شہِ اجمیر کے در پر
کہ ساقی بے تمنّا دے رہا ہے جام بھر بھر کے

وہ قدقامت کہ قد قامت صلوٰۃ آمد تعالیٰ اللہ
جھکے یاں آن کر سر قمری و سرو و صنوبر کے

یہ کیا گرمیِ خورشیدِ شہِ اجمیر ہے یا رب !
کہ چشمے کھُل رہے ہیں چشمِ نابینائے شپّر کے

وہ بُت ہے بُت شکن اپنا کہ جس کے زورِ ایماں سے
بتوں کے سر جھکے مسجد بنے بتخانے آذر کے

کُجا لفظِ ثنائے ما، کُجا شانِ خدائے ما
ثنا خوانوں میں گنوایا ہے نام اپنا ثنا کر کے

خزاں کو اس گلستاں میں اماں ہرگز نہیں ملتی
گُلِ احمر سے بلبل بے خطر لے جام احمر کے

○

کون ہے وہ جو میرے درد کا درماں سوچے
کون ہے وہ جو میرے کفر کا ایماں سوچے
نہ ہی مسلم ہوں نہ کافر نہ گدا ہوں نہ خُدا
مجھے سوچے تو کوئی سر بگریباں سوچے
سب سے ملتا ہوں مگر سب سے جُدا رہتا ہوں
وہ حقیقت ہوں جسے عشق کا ناداں سوچے
شیخ کا وہم برہمن کا گماں کیا سمجھے
کیوں مجھے فلسفیٔ خاک بداماں سوچے
نہ محمدؐ ہوں نہ احمد نہ ہوں واحد نہ احد
مجھے سوچے تو فقط حیرتِ حیراں سوچے

○

تمہارے آگے کسی کا چراغ جل نہ سکا

جلا تو بجھ نہ سکا اور بجھا تو جل نہ سکا

میری فغاں پہ تو آنسو بہائے غیروں نے

تمہارا دل کوئی پتھر سا تھا پگھل نہ سکا

ہزاروں چارے نکالے تھے تیرے ملنے کو

مگر تو مل نہ سکا کوئی چارہ چل نہ سکا

تیرے ستم کے فسانے سُنا سُنا کر کے

بہت سنبھالا تھا دل کو مگر سنبھل نہ سکا

ہزاروں پھسلے ہیں اس راہ میں مگر میں تو

کریم کے کرمِ خاص سے پھسل نہ سکا

محمدؐ عجمی کے نصیب کے صدقے

کسی کے جال میں ایسا پھنسا نکل نہ سکا

○

دین و دنیا سے بَری نکلے ہیں الفت والے
کفر کو چومتے ہیں ذوقِ محبّت والے

شانِ ربّی ہے جو کہلاتے تھے مسلم کل تک
آج کافر ہیں، نہ مسلم ہیں نہ ملت والے

تیری قامت نے قیامت کو ندامت بخشی !
تیرے قربان ارے موہنی قامت والے

عشق میں سُود کا سودا نہ زیاں کا خطرہ
دشمنِ جان پہ جاں دیتے ہیں چاہت والے

رنگ و بے رنگ میں گر فرق ہے اے اہلِ فراق
کیوں محمّد کو خدا کہتے ہیں وحدت والے

ہم تو لعنت سے بھی رحمت کے مزے لیتے ہیں !
ہم نہیں ڈرتے ڈراتے ہیں لعنت والے

جو محمّد میں فنا ہو کے محمّد نہ بنے
کیوں اسے دار پہ لٹکائیں شریعت والے

درد جس دل میں نہیں وہ دل نہیں
یار کے رہنے کی وہ منزل نہیں

جو نہ تڑپے زیرِ خنجر وقتِ قتل
کشتۂ تسلیم ہے بسمل نہیں

گل کے رہنے والے سب ہیں اہلِ دل
اہلِ دل جو ہیں وہ اہلِ گل نہیں

تیرا ملنا یا محمد مصطفیٰ
کیوں نہیں آساں اگر مشکل نہیں

⊙

میری اب زندگی کو ختم ہو جانا نہیں آتا
مرا ایسا ہوں کہ پھر مجھ کو مر جانا نہیں آتا

میری پستی کو جو تحت الثریٰ کا شان رکھتی تھی
خدا کے عرش سے بھی پست کہلانا نہیں آتا

پلا ہوں جن کے ٹکڑوں سے انہیں گانا سناؤں گا
مجھے اب محفلِ اغیار میں گانا نہیں آتا

نہ سمجھا جتنا سمجھایا تھا ہم نے قلبِ ناداں کو
ہمیں اب اپنے نادانوں کا سمجھانا نہیں آتا

نہ پیتا ہوں نہ کھاتا ہوں فقط دیکھا ہی کرتا ہوں
مجھے پینا نہیں آتا مجھے کھانا نہیں آتا

فریدالدّین کی درگاہ کے سگ کی وہ ہیبت ہے
کہ شیروں کو بھی اُس کے سامنے آنا نہیں آتا

محمّد یار بقا آخر وہ اپنے گھر میں جا پہنچا
کسی کو اپنے گھر سے لوٹ کر آنا نہیں آتا

○

ناز والے نیاز کیا جانیں — کفر والے نماز کیا جانیں
جو مقامِ تمیز سے گزرے — بے تمیز امتیاز کیا جانیں
جو پلیدوں سے مل کے کھاتے ہیں — پاک احمد کا راز کیا جانیں
زاہدِ خشک عمر کے بے جگر — ہمتِ عشق باز کیا جانیں
بدعتی قرنِ نجد کے شیطان — رمز و رازِ حجاز کیا جانیں
جو گرے ہیں نشیبِ اسفل میں — وہ عروج و فراز کیا جانیں
اپنے بندوں پہ لطف فرمانا — میرے بندہ نواز کیا جانیں

حسنِ ظن نے گنہگار کیا ۔۔۔ بدگماں پاک باز کیا جانیں
جو ہوس کے شکار بن بیٹھے ۔۔۔ وہ حقیقت مجاز کیا جانیں
اللہ اللہ محمّد عربی! ۔۔۔ لوگ تیرا افراز کیا جانیں
دشمنِ دیں عدو محمّدؐ کے ۔۔۔ میرا سوز و گداز کیا جانیں
غزنوی شانِ ناز کے شانی ۔۔۔ شانِ حضرت ایاز کیا جانیں
جو گرفتارِ زلفِ یار نہیں ۔۔۔ طول زلفِ دراز کیا جانیں
بندگانِ محمّدِ عربی ۔۔۔ رسمِ انداز و ناز کیا جانیں

اِک گنہگار رہوں زمانے میں
یہ مزا پاکباز کیا جانیں۔

(۱)

مرگئے ہیں کسی کی چاہ میں ہم ۔۔۔ گر پڑے ہیں کسی کے چاہ میں ہم
اب ہمارا پتہ نہیں ملتا! ۔۔۔ مٹ چکے ہیں کسی کی راہ میں ہم
جرم میرے ہی عذر خواہ بنے ۔۔۔ اب تو ہیں جرم کی پناہ میں ہم
بادشاہی ملی تباہی میں ۔۔۔ شاہ ہیں حالتِ تباہ میں ہم

اِک نگاہِ فرید کے صدقے — بے گناہ ہو گئے گناہ میں ہم!
ہم کو جنت ملی ہے دنیا میں — کیوں رہیں آخرت کی چاہ میں ہم
بے گناہوں نے جب کہ طعن کیے — جو گنے ہو گئے گناہ میں ہم
ہم کو عصمت ملی ہے رحمت سے — گرچہ مشاق ہیں گناہ میں ہم
چھپ گئے گرچہ حکم نافذ تھا — دامنِ رحمتِ الٰہ میں ہم

ہم محمد ہیں درس دیتے ہیں
عشقِ احمد کی درس گاہ میں ہم

○

جو ہمارے یار تھے وہ چل بسے — جو نکو کردار تھے سب چل بسے
اب تو دل میں ہے فقط خارِ فراق — جو گلوں کے ہار تھے سب چل بسے
اب تو نادانوں کی بستی ہے جہاں — جو بڑے ہوشیار تھے سب چل بسے
دل کو اک دم بھی نہیں ملتا سکون — دل کے جو دلدار تھے سب چل بسے
شیر افضل ہم شریف و ہم غلام — چار تھے غمخوار تھے سب چل بسے
سِندھ میں عبد المجید باوفا — وجد میں طیّار تھے سب چل بسے

کو دکرنی اللہ رخاکستر ہوئے عشق کے کفار تھے سب چل بسے

عشق کے سلطان بدشتِ کربلا تشنۂ دیدار تھے سب چل بسے

گشتگانِ خنجرِ تسلیم را ہر زماں دیدار تھے سب چل بسے

عشق کی بازی کو جیت کر چت گرے کیا بڑے ہونہار تھے سب چل بسے

جو محمدؐ بن کے رکھتے تھے دھیان

خود محمدؐ یار تھے سب چل بسے

○

کہوں کیا عشق میں یارو کہ کیا معلوم ہوتا ہے

بہر صورت بہر مورت خدا معلوم ہوتا ہے

خدا کہتے ہیں جس کو مصطفےٰ معلوم ہوتا ہے

جسے کہتے ہیں بندہ خود خدا معلوم ہوتا ہے

محمدؐ سے جدا ہو کر خدا کی جستجو والا!

خدا کو چھوڑ کر اہلِ ہوا معلوم ہوتا ہے

دلِ دانا نے گر سمجھا نہیں اسرارِ یزداں کو
خطا والا مجھے کیوں بے خطا معلوم ہوتا ہے

خدا دانی نے کیا کیا لذتیں بخشیں خدا داں کو
خدا کے جاننے والا خدا معلوم ہوتا ہے

زمانہ چھان مارا نیک و بد کو غور سے دیکھا!
ہر اِک شئے میں حقیقت کا پتہ معلوم ہوتا ہے

شہِ توحید نے کیا شان بخشی ہے موحّد کو
کہ رہزن بھی بشکل رہنما معلوم ہوتا ہے

ہزاروں روپ بدلے سینکڑوں اشکال دکھلائے
مجھے سارا جہاں بہروپیا معلوم ہوتا ہے

فریدُالدّین دلبر کی نگاہوں کے تصدّق سے
زمانہ سارا مجھ کو دل ربا معلوم ہوتا ہے

کسی نفسِ مقدّس یا کسی کے پارسا دل کو
دلِ بدکار بھی اِک پارسا معلوم ہوتا ہے

شہِ خیر الوریٰ کے عشق میں اب تو محمدؐ بھی

محمدؐ مصطفےٰ کا نقشِ پا معلوم ہوتا ہے

○

میری طرف بھی اِک نظرِ پاک دیکھیے

مخدومِ پاک وارثِ لولاک دیکھیے

اک عمر سے میں لٹکا ہوں فتراک میں تیرے

اَے بے نیاز جانبِ فتراک دیکھیے

آنکھیں بچھی ہوئی ہیں ترے فرشِ راہ پر

اے شہسوارِ خنگ خطرناک دیکھیے

ظالم فلک مٹانے کو تیار ہے میرے

غصّے میں آ کے جانبِ افلاک دیکھیے

جو مٹ چکا ہے اس کا مٹانا محال ہے

قصدِ محال رکھتا ہے سفاک دیکھیے

اَفلاک سر بسجدہ ہیں آدم کے وقت سے

کلیر کی سرزمین کے اَفلاک دیکھیے

افلاک جھک رہے ہیں کسی کی زمین پر

کلیر میں آ کے منکرِ بیباک دیکھیے

مدّت سے آرزو تھی کہ کچھ آرزو نہ ہو

میرا علوِّ ہمّت و ادراک دیکھیے

میں ایک خارِ زار ہوں گلزار میں تیرے

گُل تیرے دیکھے بھالے ہیں خاشاک دیکھیے

ہر سال لاکھوں آتے ہیں ہنستے ہوئے یہاں

اک رونے والا آیا ہے غمناک دیکھیے

رہتے ہیں پاک بندے ہزاروں حضور میں

مخدومِ پاکِ بندۂ ناپاک دیکھیے

بد ہیں اگرچہ کام محمدؐ ہے نیک نام

انجام نیک لے گیا چالاک دیکھیے

محمدؐ مصطفےٰ محشر میں طٰہٰ بن کے نکلیں گے

اٹھا کر میم کا پردہ ہُو یدا بن کے نکلیں گے

حقیقت جن کی مشکل تھی تماشا بنکے نکلیں گے

جسے کہتے ہیں بندہ قل ہو اللہ بن کے نکلیں گے

بجاتے تھے جو اِنّی عَبدُہٗ کی بنسری ہردم

خدا کے عرش پر اِنّی انا اللہ بن کے نکلیں گے

لباسِ آدمی پہنا جہاں نے آدمی سمجھا

منزّہ بن کے آئے تھے تجلّی بن کے نکلیں گے

بشر کے رنگ میں بیرنگ ہی کا جلوہ پنہاں تھا

بشر کے رنگ والے صبغۃ اللہ بن کے نکلیں گے

رسولوں کے نبیوں کے قیامت میں حکومت

وہ مالک بنکے نکلیں گے وہ مولا بن کے نکلیں گے

بپا نعلِ عبودیت بسر تاجِ اُلُوہیّت

خدا یکتا کی یکتائی کا نقشہ بن کے نکلیں گے

حسیں ایسے کہ جن کو دیکھ کر یوسف بھی محشر میں
بشکلِ پیرِ کنعانی زلیخا بن کے نکلیں گے

لواءِ الحمد لے کر احمدِ بے میم یا اللہ
محمدؐ یار کے دل کی تمنا بن کے نکلیں گے

○

فرید پاک محشر میں مسیحا بن کے نکلیں گے
مریضانِ محبت کا مداوا بن کے نکلیں گے

بجا کر عشق کا ڈنکا سرِ محشر باذنِ اللہ!
سرِ عشاق پر بیشک شہنشاہ بن کے نکلیں گے

حقیقت اِک معمّا ہے جو ہرگز کھل نہیں سکتا
حقیقی حسن سے شرحِ معمّا بن کے نکلیں گے

عبودیت کی شانیں جتنی تھیں سب ختم کر ڈالیں
الوہیت کے جلووں کا تماشا بن کے نکلیں گے

پہن کر یا ہ، کا پردہ خود فریدِ وقت بن بیٹھے

اٹھا کر پردہ یا فردِ یکتا بن کے نکلیں گے

محمدؐ کے تصوّر میں محمدؐ بن کے بیٹھے ہیں

غلامانِ محمدؐ کے وہ مولا بن کے نکلیں گے

○

دیکھے ہیں ہم نے حسن کے سامان نئے نئے

بُستاں نئے نئے ہیں گلستاں نئے نئے

زلفوں کے جال میں جو پھنسا پھر نہ چھُٹ سکا

پھنستے ہیں اس میں یوسفِ دوراں نئے نئے

سوز و گداز و درد و غمِ عشق و ابتلا!

آتے ہیں دل کی بستی میں مہماں نئے نئے

میرے حبیبِ پاک کے شوریدگانِ دل

کافر نئے نئے ہیں مسلماں نئے نئے

جلووں سے حسنِ یار کے آتی ہے یہ صدا
دیکھو ہمارے حسن کے طوفاں نئے نئے

مقتل میں جا کے خنجرِ خونخوار کے تلے
سر رکھ رہے ہیں عاشق جاناں نئے نئے

احمد احد میں فرق نہیں اے محمدؐ آ
عشاق یار رکھتے ہیں ایماں نئے نئے

○

انداز حسینوں کو سکھاتے نہیں جاتے
جو اُمّی لقب ہوں وہ پڑھائے نہیں جاتے

ہر ایک کا حصّہ نہیں دیدار کسی کا !
بوجہل کو محبوب دکھائے نہیں جاتے

میں کیا کہوں کس رنگ کا اب درد ہے دل میں
بے درد کو یہ درد سنائے نہیں جاتے

عشّاق کا حصّہ ہے امانت کا اُٹھانا
افلاک سے یہ بوجھ اٹھائے نہیں جاتے

○

کیا کہوں اپنی حقیقت کوئی ہمراز نہیں
کوئی ہمدم نہیں اپنا کوئی دمساز نہیں

ساتھ لے لو مجھے اے قافلے والو لے لو
میں رہا جاتا ہوں مجھ میں وہ تگ و تاز نہیں

مٹ گئے خاک ہوئے کوچے میں اس ظالم کے
پھر وہ کہتے ہیں کہ تو قابلِ ہم راز نہیں

ہمّتِ عشق کا اِک گام فقط کافی تھا
کیا کروں اب میری ہمت میں وہ پرواز نہیں

خنجرِ ناز نے جب قتل کیا عاشق کو
مسکراتے ہوئے فرمایا کہ یہ ناز نہیں

ایک ٹھوکر سے ہزاروں کو جلایا لیکن
میری نوبت میں کہا ہم میں یہ اعجاز نہیں
گر محمدؐ نے محمدؐ کو خدا مان لیا
پھر تو سمجھو کہ مسلمان ہے دغاباز نہیں

○

الحمد آج پہنچا ہوں اس سیمبر کے پاس
جس کا مقام رہتا ہے قلب و جگر کے پاس!
میرے جگر کے چاک کو سینا حرام ہے
کیوں دردمند جائے کسی بخیہ گر کے پاس
سوزِ فراق نے میرا سینہ جلا دیا!
عینِ وصال میں ہوں مَیں نارِ سقر کے پاس
سونا ہی بن گئے نہ سونے سے اہلِ دل
اِس واسطے میں سوتا ہوں اک نوحہ گر کے پاس

مَر ہم گئے تو مرہمِ دردِ جگر ملی !

مرمر کے آج پہنچی ہے زخمِ جگر کے پاس

دردِ فرید میرا بُراقِ عروج ہے

لے جائے گا اڑا کے محمدؐ نگر کے پاس

گرچہ گنہگار ہوں ابن الفرید ہوں

میرا گلہ کرو میرے اپنے پدر کے پاس

○

رنگ دیکھا عجب زمانے میں ۔۔۔ خُم ہیں خالی شراب خانے میں !

آج آئے تو کل ہوئے واپس ! ۔۔۔ کیا ملا ہم کو آنے جانے میں

کارخانے میں خاک چھانی ہے ۔۔۔ وہم بیٹھا صرف کارخانے میں

میری مٹّی خراب کر ڈالی ۔۔۔ کھپ پڑے ہی تھی خراب خانے میں

نامرادی میری مراد بنی ! ۔۔۔ کیا ملے گا مُراد پانے میں

یا فریدَ الزّماں کرم کرنا ! ۔۔۔ کیا کمی ہے تیرے خزانے میں

تیر کس کس کے ایسا مارا ہے ۔۔۔ کہ مچی دھوم ہے زمانے میں

مَر گئے انتظار میں ہم تو دیر ہوئی ہے کسی کے آنے میں

تا کہ شُد یارِ من محُمّد یار

سلطنت مِل گئی زمانے میں!

○

حیرت میں ہوں، کیا لکھوں شانِ محُمّد کا

دیدارِ محُمّد ہے قُرآن محُمّد کا

بخشے گئے جتنے تھے بد کار ہی عالم میں!

طوفان میں جب آیا غفران محُمّد کا

بندوں نے خدائی کی جب ان کے بنے بندے

بندوں پہ عجب برسا باران محُمّد کا

شاگردِ محُمّد ہیں اُستاد دو عالم کے

اُستاد بنا سب کا نادان محُمّد کا

ڈوبا تو نکالا ہے پھسلا تو سنبھالا ہے

میں بھول نہیں سکتا احسان محُمّد کا

دشمن کو کچل ڈالو فرمانِ محمّد ہے

اللہ نے سنا ڈالا اعلان محمّد کا

تصویرِ محمّد ہے تحریر محمّد کی!

تقریرِ محمّد ہے تبیان محمّد کا

کُفرانِ محمّد ہے کُفرانِ خداوندی

کُفرانِ خداوندی کُفران محمّد کا

شاہنشہیِ عالم جب اُن کو مُسلّم ہے

پھر کیوں نہ ہو جبریل سادربان محمّد کا

وہ جلوۂ نورانی وہ نقشۂ رحمانی

رہتا ہے میرے دل میں ہر آن محمّد کا

ہر آن میں ہر شان کے مظہر ہی محمّد ہیں

ہر آن میں ہر شان میں ہے ذیشان محمّد کا

ہم نامِ محمّد ہوں مدّاحِ محمّد بھی

ہاتھوں سے نہ چھوٹے گا دامانِ محمّد کا

زُلف کا بال بال بگڑا ہے   قید کرنے کو جال بگڑا ہے

اُن کے ابرو کا بال بگڑا ہے   یعنی رنگِ جدال بگڑا ہے

رُخِ انور کا خال بگڑا ہے   مصطفےٰ کا بلال بگڑا ہے

ختم ہو جائے زندگی میری   اب تو میرا مآل بگڑا ہے

بُتِ ظالم اگر بگڑ جائے!   سمجھ لو ذُوالجلال بگڑا ہے

دیکھ کر حال مست رندوں کا   شیخ کا قیل و قال بگڑا ہے

میری مٹی خراب مت کرنا   یہ کسی کا جمال بگڑا ہے

اب تو دل میں وہ ذوق شوق نہیں   شاید اُن کا خیال بگڑا ہے

قامتِ یار کی قیامت سے   آج محشر کا حال بگڑا ہے

غور کرنا محمدِ عربی!   اس محمدؐ کا حال بگڑا ہے

چینِ ابرو کو دیکھ کر یک دم   چینیوں کا کمال بگڑا ہے

اِس بگڑنے کی بس مثال نہ پوچھ
دلبرِ بے مثال بگڑا ہے

○

حق نے چاہا تو مِل کے بیٹھیں گے
بے خطر ہو سنبھل کے بیٹھیں گے

یار اپنا ہے آسماں اپنا
دشمنوں کو کچل کے بیٹھیں گے

بوسہ لیں گے کنار میں لے کر
مست ہو کر مچل کے بیٹھیں گے

دور سے بے قصور دیکھیں گے
اُن کے پہلو سے ٹل کے بیٹھیں گے

یار کی دید عید ہے اپنی
بحرِ غم سے نکل کے بیٹھیں گے

گر ہمارا ہوا محمّد یار
بادشاہوں میں چل کے بیٹھیں گے

⊙

آج الحمد کوئی آیا ہے مہماں اپنا
خونِ دل لختِ جگر خوب ہے ساماں اپنا

دل میں زخموں کی چمک سے ہے اُجالا ہر دم
کوئی اپنا ہو تو آ دیکھے چراغاں اپنا

جن کے آنے کی تمنّا تھی وہ لے آئے ہیں
میرے زخموں پہ چھڑکنے کو نمکداں اپنا

ہم تو قرآں کے حافظ ہیں پڑھا کرتے ہیں
رُخِ محبوب انوکھا ہے یہ قرآں اپنا

چشمِ بد دُور خدا رکھے تجھے اے ظالم
تیرے ظلموں نے کچل ڈالا ہے ایماں اپنا

یارسولِ عربی لطف سے دیکھا کرنا
کہیں جا کر نہ پھنس جائے ثنا خواں اپنا

میری تقدیر بدلنے کو لیے بیٹھے ہیں!
ہاتھ میں مالکِ تقدیر قلمداں اپنا

نفس و شیطاں سے کہو میری تمنّا نہ کرے
مالک الفقر فرید است سُلیماں اپنا

ہم حسینوں کے گلستاں میں رہا کرتے ہیں
یاالٰہی یہ سلامت رہے بُستاں اپنا

میں محمدؐ ہوں فقط فخر ہے ہمنامی کا
جن کا ہمنام ہوں کافی ہے نگہباں اپنا

ہر روز حسینوں کا دیدار اگر ہوتا
کیوں دیدۂ تر بہتا کیوں دردِ جگر ہوتا

میں حسن کا بندہ ہوں دیدار سے زندہ ہوں
ہے بر میں میرے دلبر کیوں خاک بسر ہوتا

اک راز ہے سربستہ محرم کو سناؤں گا
کیوں قلب و جگر جلتے اظہار اگر ہوتا

جنّت ہے میری طالب میں طالبِ جنّت ہوں
مطلوب مجھے ملتا گر پاک نظر ہوتا

جب نام محمدؐ ہے ناکام رہوں کیوں میں
ناکام ہی رہتا میں گر طالبِ زر ہوتا

○

حسینوں میں ہے انجلائے محمدؐ — جبینوں میں چمکا ضیائے محمدؐ
قمر چیر ڈالا کیا موم پتھر! — زہے قوتِ دست و پائے محمدؐ
ز تحت الثریٰ تا سرِ عرشِ اعظم! — چلو دیکھ لو جلوہ ہائے محمدؐ

بشر کو محمدؐ سے نسبت نہیں ہے — پڑھو غور سے اِنّمائے محمدؐ
میرے منہ کو کیوں چومتا ہے زمانہ — کہ میں بن گیا نقشِ پائے محمدؐ
ازل سے ہے دل میں ہوائے محمدؐ — ابد تک رہے اے خدائے محمدؐ
محمدؐ کو بھولوں یہ ممکن نہیں ہے — کہ ہے یاد مجھ کو وفائے محمدؐ
ہے مسجود میرا خدا جانتا ہے — خدائے محمدؐ بجائے محمدؐ
محمدؐ نے جس دم محمدؐ کو دیکھا — تو ثابت ہوا مدّعائے محمدؐ

خطا میری سب سے بڑی تھی مگر
محمدؐ نے بخشی خطائے محمدؐ!

○

تمہارے منہ سے جو نکلی وہ بات ہو کے رہی
کہا نہیں کو جو کُن کائنات ہو کے رہی
تمہارے ہونے سے ہونا ہے ہر دو عالم کا!
ہماری زندگی تجھ بن ممات ہو کے رہی

تیرے کرم نے ہمارے وہ کام کر ڈالے
کہ جن کے کرنے میں تقدیر مات ہو کے رہی

خدائے پاک نے قُل یٰا عِبَاد کہہ کے کہا
تمہارے بندوں کی آقا نجات ہو کے رہی

رسولِ پاک کے بندوں کو مُردہ مت کہنا
کہ اُن کی مَوت تو عینِ حیات ہو کے رہی

تیرے غلام کا غصّہ پڑا جو سُورج پر!
تو دن کی روشنی اکدم میں رات ہو کے رہی

نظر میں آتا ہے عالم کو جو زمانے میں!
تمہاری ذات ہے لیکن صفات ہو کے رہی

درِ حضُور پہ سجدے میں میرا دم نکلا
ادا نماز ہوئی اور زکوٰت ہو کے رہی

اگر چہ کام ہے بد نیک نام کے صدقے
محمّدؐ عجمی کی برات ہو کے رہی!!!

خدا ملے تو ملے پر صنم نہیں ملتا ۔۔۔ ہمارے یار کا نقشِ قدم نہیں ملتا

وہ اڑ گیا جو غبارِ حدوث تھا مجھ پر ۔۔۔ میں کیوں کہوں کہ مجھے اب قدم نہیں ملتا

نماز اپنی ہے حج و زکوٰۃ اپنے ہیں ۔۔۔ جہادِ نفس میں رنج و الم نہیں ملتا

فرید پاک نے اک جام بھر کے پلوایا ۔۔۔ ہمارے جام سے اب جامِ جم نہیں ملتا

وہ سوز جس سے دلِ زار بیقرار رہے ۔۔۔ بجُز عنایت و لطف و کرم نہیں ملتا

محمدؐ عربی کا شراب مستوں کو

بجز عبادتِ روئے صنم نہیں ملتا

⊙

خرامِ ناز میں آیا تو دیکھا اور پہچانا

محمدؐ مصطفےٰ یعنی خدا مٹھن کی گلیوں میں

خدا کو ہم نے دیکھا ہے سدا مٹھن کی گلیوں میں

خدا بے پردہ ہے جلوہ نما مٹھن کی گلیوں میں

فرید پاک کی صورت میں بے صورت کا جلوہ ہے

تو بے رنگی میں آ صورت نما مٹھن کی گلیوں میں

احد احمد ہے لیکن میم کے پردے میں آیا ہے
پہن کر یا کا پردہ فرد تھا مٹھن کی گلیوں میں

وہی جلوہ جو فاراں پر ہوا احمد کی صورت میں
اسی جلوے کو پھر عریاں کیا مٹھن کی گلیوں میں

بھلا کیوں کوٹ مٹھن کو میں ہر دم یاد رکھتا ہوں
کہ میرا میٹھا میٹھا یار تھا مٹھن کی گلیوں میں

مجھے گر یاد کرنا ہو تو یونہی یاد کر لینا
ہمارا اک محمدؐ یار تھا مٹھن کی گلیوں میں

○

شانِ جلال سے کہو تجھ کو جلال کی قسم
میری قبر نہ ڈھونڈنا میری کہیں قبر نہیں

پاؤں کے نیچے روند کر میرا نشاں مٹا دیا
پھر ہے نشاں کی جستجو عشق میں کچھ اثر نہیں

اب تو کمانِ عشق سے تیرِ ہنر نکل چلا
میرا جگر خرید لو پہلو میں گر جگر نہیں

دل کی تپش یہ چیخ تھی مگر جس نے جہاں جگا دیا
ماتمِ عشق میں ہمیں حاجت نوحہ گر نہیں

عاشقِ لاشریک کے رشتے تمام جل گئے
اب وہ پدر پدر نہیں اب وہ پسر پسر نہیں

کس کا اثر تھا قیس کا جس نے جگر جلا دیا
جا کے جگر سے پوچھنا عشق کا گر اثر نہیں

تیرا ہی ملنا ہو گیا اب تو محال اے صنم
ہاتھ میں میرے زر نہیں دل میں مرے اثر نہیں

ہنس کے کہا محمدؐ امیں ہوں محمدِؐ عرب
میرا جہاں گزر ہوا تیرا وہاں گزر نہیں

وہ خاکسار ہوں برہم میرا مزار رہا

کہ خاک ہو کے بھی ہر ذرّہ اشکبار رہا

سیاہ زلف کے ہر تار تار کے صدقے

سیاہ کاروں پہ ہر تار مشکبار رہا

ہمارے دل میں ہمیشہ ہوائے یار رہی

مگر نہ ہم پہ کبھی ان کو اعتبار رہا

مٹے کچھ ایسے کہ مٹ کے بے نشان ہوئے

مگر یہ مٹنا ہمارا نشانِ یار رہا

تمام عمر کٹی انتظار میں اب تو

نہ ہم رہے نہ ہمارا وہ انتظار رہا

غبار ہو کے اڑے کوئے یار میں لیکن

ہمارے یار کے دل پر وہی غبار رہا

خدائے پاک کی رحمت ہو اُن نگاہوں پہ

کہ جن کے لڑنے سے دل میرا بیقرار رہا

نجات مل نہ سکی جب ہجومِ عصیاں سے
میری نجات کا رحمت پہ انحصار رہا

فریدِ پاک کی پاکی کی اِک دلیل ہوں میں
کہ بے گناہ ہی رہا گرچہ گنہ گار رہا

ہمارے عجز نے ایسے نیاز کر ڈالے
کہ ہر نیاز میں ناکام کامگار رہا

محمدؐ عربی کے غلام کے صدقے
کہ ہر زمانے میں عالم کا تاجدار رہا

کنارِ یار سے نکلا نہیں محمدؐ یار
جہاں رہا وہ محمدؐ سے ہمکنار رہا

○

مجھ کو قسم ہے خالقِ عرشِ عظیم کی
یادِ خُدا ہے یادِ رسولِ کریم کی !!

بھولا ہوا ہے جس نے بھلایا حضور کو
بھولی ہے اس کو یاد رہِ مستقیم کی

بیشک گنہگار ہوں ڈرتا نہیں ہوں میں
عادت ہے مجھ کو یاد غفورُ الرّحیم کی

قسمت پہ مجھ کو ناز ہے قسمت کو مجھ پہ ناز
خوش بخت و شادماں ہوں قسم ہے قسیم کی

یٰسین میں مزمّل و طٰہٰ و طور میں!
تفسیر ہے فقط رُخِ درِّ یتیم کی

جلوہ نما ہے نورِ نبی شش جہات میں
کونین میں نمود ہے ماہِ وسیم کی

طالب خدا ہے اُن کا وہ طالب خدا کے ہیں
تفریق ہے فقط یہ حبیب و کلیم کی

صلِّ علیٰ یہ عظمت و اعزازِ مصطفیٰ
یادِ خدا ہے یادِ رسولِ کریم کی

ہر صبح و شام ہوتی ہے بارانِ بیکراں
ہم مجرموں پہ آپ کے لطفِ عمیم کی

زاہد تری تمام عبادت فضول ہے
دل میں اگر تڑپ نہیں حُبِّ کلیم کی

لاریب دو جہاں میں وہی سرفراز ہیں
اُلفت ہے جن کے دل میں نبئ کریم کی

دونوں جہاں کی ظلمتیں کافور ہو گئیں
اُٹھی رُخِ جمال سے چلمن جو میم کی

یہ حسنِ مہر و ماہ یہ شادابئ چمن
ہے اک کرن جمالِ حبیبِ علیم کی

روزِ جزا کی فکر ہو کیوں کر محمّدا
بخشش ہے اُن کے ہاتھ میں اپنے اثیم کی

○

حصّہ سوم

سرائیکی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آکھاں میں کیا ہیں جگ دے وچ کیرھا کیرھا لگدے مِٹھا

حسن ازل کر نازول وچ ہر ادا لگدے مِٹھا

یوسف مِٹھا یعقوب دا عاشق سچا ایّوب دا

مجنوں کوں لیلےٰ خوب دا کالا کُتا لگدے مِٹھا!

ہتی ہیر سچی توڑ دی، رانجھن دے اصلوں جوڑ دی

کھیڑیوں رہی منہ موڑ دی ورا کھ ڈِٹھا لگدے مِٹھا

سوہنی ڈِٹھا مہینوال کوں سانول دی چینچل چال کوں

لاگل بڈی جنجال کوں عاشق سچا لگدے مِٹھا

از ارض تا فوق السمأ از عرش تا تحت الثریٰ

دلبر دے سارے ملک دا ہک ہک ذرہ لگدے مِٹھا

شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ نور الھدیٰ صدر العُلیٰ

حضرت محمد مصطفیٰ خیر الوریٰ لگدے مِٹھا

○

قاصد مٹھا مصریاں ڈیساں، پنل منا ایویں ونج تے آ

دُھرمک پے رٹھی سرکار کوں، راہوں والا ایویں ونج تے آ

قصّے سناویں مردے، عاشق سچے پُر درد دے

یعنی سسّی بے پردے، واگاں بھنوا ایویں ونج تے آ

ڈُکھ درد وچ لاچار ہاں، بے کار زار نزار ہاں

ہر دم تتی بیمار ہاں، گھن آ دوا ایویں ونج تے آ

گالھیں بھُوں بھر مار دیاں، اقرار دیاں انکار دیاں

ظالم دی دار مدار دیاں، بھیں سُن آ ایویں ونج تے آ

کھُلسن کرار تے کول ہن، لگسن ھزار بول ہُن

تھیکر ظلُوم جہُول ہن، ونج بار چا ایویں ونج تے آ

بنھدی نہیں ہن کیا کراں، بے وس تتی چیکاں بھراں

دیداں اڑیاں اچیں گھراں، کئی کر ڈکھا ایویں ونج تے آ

ونج دردی تفصیل کر، فرقان دی تنزیل کر

قرآن دی ترتیل کر، بیٹھ رُوا ایویں ونج تے آ

یا کجھ کنیں وچ ڈور ہن، یا ظلم دے وَل دُور ہن
نہ نہ ہپنل بے غور ہن، گج گج الا ایویں ونج تے آ
ہیں فرد کوں مسرور کر، ہوں، خان کوں مجبور کر
بہرِ خُدا اُڈکھ دور کر، ونج ونج نہ تا ایویں ونج تے آ

○

لب لعل ماہی بھال کر ساڈے منٹڑے ایویں آ تے ونج
توں بن مِٹھا من ٹھار ہن ڈکھڑے گھنٹڑے ایویں آ تے ونج
دلڑی سڑے سے ڈکھ سہے لکھ سول تے لت مُک سہے
دیدار دی نت تکھ سہے سر نتیں نیٹڑے ایویں آ تے ونج
بہرِ خدا کجھ غور کر آوندی کتی سفے الفور کر !!!!
آجَو رتے دل جور کر جو کجھ نٹڑے ایویں آ تے ونج
ناشاد دل کوں شاد کر آ گھر ولا آباد کر !!
بے داد سٹ کجھ داد کر دشمن سُنٹڑے ایویں آ تے ونج

اک چمک پتے لبھڑیں آئے دل درد وچ جھنبڑے آئے

تیڈڑے عشق وچ چیڑیں آئے مکدے جھنڑے ایویں آتے ونج

تیں وانگ مالک راج دے سلطان تخت تے تاج دے

مالک سچے معراج دے کئی ماہنڑبے ایوں آتے ونج

قاصد دلیں وچ شور ہنڑسکدے سنجی تے زور ہنڑ

آکھیں سجنڑبے غور ہنڑ چھپٹ نہیڑیں ایویں آتے ونج

بادِ صبا تاکید کر ونج سجدہ تفرید کر!

ہیں فردی تائید کر ساڈی گنڑے ایوں آتے ونج

○

ارشد دے ارشاد اساکوں ہر ہک دم وچ یاد ن

دل برباد کرن دے کیتے درد وڈے اوستاد ن

جے اوشیریں بنڑ بہن تاں دل ساڈے فرہاد ن

پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم یار دے لطفوں لکھ دلڑیاں آباد ن

درد اساکوں ماندا کیتا، درد ونڈو کوئی ہووے
رووں وچ امداد کرے بہہ نال اساڈے رووے
میٹھہ وسدے اِتھ موتیاندے بہہ ہار ہنجھوں دے پووے
شالا پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم ساڈے منہ کالے آ دھووے

○

محبوب سبھے رکھ ہک پاسے	نازک متوارہ ہک پاسے
نمکیں رخسارہ ہک پاسے	قرآن دا پارہ ہک پاسے
ابرو خمدارہ ہک پاسے	تلوار دا دھارہ ہک پاسے
تلوار دو دستی ہک پاسے	ابرو دا اشارہ ہک پاسے
سب نبی تے مرسل ہک پاسے	میڈا نبی سونہارہ ہک پاسے
میڈے درد دے دفتر ہک پاسے	مجنوں وچارہ ہک پاسے
عاشق دا پسارہ ہک پاسے	زاہد دا کھپارہ ہک پاسے

مسجود محمد ہک پاسے
ساجد جگ سارا ہک پاسے

حقیقت دے پردے پھڑیندے محمدؐ

خدا نال ہک تھی جلیندے محمدؐ

اوکھڑپین دی ول پاڑ لیندے محمدؐ

نکھڑ گئیں کوں دم وچ ملیندے محمدؐ

اولا چار تھی تے انا الحق الیندے

جیکوں راز اپنا ڈسیندے محمدؐ

جڈاں ہتھ اُتے ہتھ رکھیندے محمدؐ

خدا نال بندے ملیندے محمدؐ

خُدا سُنڑدے ہاسے جتوسے وٹھوسے

محمدؐ دے اولے الیندے محمدؐ

عمر آخر آئی اجنڑ لکھ اُمیداں!

اجھو جھات رحمت دی پیندے محمدؐ

اساں سُنڑدے آیوں قدیماً حدیثاً

غریبیں دے ویڑھے وسیندے محمدؐ

جے آوقتاں دیدیں دے میں فرش لیساں
اے نت شوق تیڈا تپیندے محمدؐ

اوڈوں نیڈے منکر صدا سخت تیندن
ایڈوں درد تیڈا ستیندے محمدؐ

تیڈے منکریں دا میں کیا ڈکھ سناواں
کوئی لت کوئی ٹھک مریندے محمدؐ

میڈے قتل دے مشورے وچ اکھیدن
محمدؐ دے قصے سُنڑیندے محمدؐ

جے عاشق سڈاویں تاں سُنڑ شیر مردا
مصائب دے جھنبے پٹیندے محمدؐ

صبر نال جالیں تے کیتی نہ گالیں
اتھاں ماشے تولے تُلیندے محمدؐ

علی شیر حق پیر مشکل کُشا دیاں
لکھاں مشکلاں حل کریندے محمدؐ

ہیں سینے کوں ہیں کیوں مدینہ نہ آکھاں
جتھاں دمبدم جھوک لیندے محمدؐ
نہ مٹسے نہ مٹنسے تیڈا نقش دل توں!
او مٹسے جو تیکوں مٹیندے محمدؐ
جدائی دیاں سانگاں ہجر دے سنگولے
ایہو دل ہمیشہ جھلیندے محمدؐ
ایہو فرد ڈٖاہیں فریدالزماں کوں
فقط تیڈی سِک بُکھ لہیندے محمدؐ

○

حقیقت محمدؐ دی پا کوئی نہیں سگدا
ایتھاں چپ دی جا ہے الا کوئی نئیں سگدا
ابوبکر و فاروق و عثمان و حیدر
ایہو راز مشکل ڈٖسا کوئی نئیں سگدا

محمدؐ دی صورت ہے صورت خدا دی
میڈے دل توں نقشہ مٹا کوئی نئیں سگدا

اساں در محمدؐ دے سجدے کریسوں
جو ہیں در توں سر ساڈا چا کوئی نئیں سگدا

محض لادوا ہاں طبیبیں کوں آکھو
میڈی مرض دی کر دوا کوئی نئیں سگدا

انا الحق ، انا اللہ الاون ہے سوکھا
اَنَا اَحمدُ کوں الا کوئی نئیں سگدا

مذاہب دے جھگڑے اساں چھوڑ بیٹھے!
محبت دا جھگڑا چھڑا کوئی نئیں سگدا

جے ڈاڈھے الیسو عمل حبط تھیسن
عمل حبط تھیں کوں ولا کوئی نئیں سگدا

وَلَا تَرْفَعُوْا فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ
بحکمِ خدا غل مچا کوئی نئیں سگدا

شریعت، طریقت، حقیقت دے قصے!

سوا معرفت دے ڈسا کوئی نئیں سگدا

علی شیر حق پیر مشکلکشا دے

سوا جامِ کوثر پلا کوئی نئیں سگدا

سوا چار یارین نبی مصطفےٰ دے

خلافت کوں ہرگز چھکا کوئی نئیں سگدا

حقیقت محمد دا الاحل معمّا

نہ حل تھیا اینکوں حل کرا کوئی نئیں سگدا

اساں نت محمدؐ دیاں نعتاں نبڑیسوں

اساں وانگ نعتاں بنا کوئی نئیں سگدا

جے سر ڈیوو آ ڈا ایتھاں سر لڑیندے

سوا سر ڈتے ہتھ اڑا کوئی نئیں سگدا

ز آغاز و انجام پاک است یارم
زباں ڈلدی ہے حق الا کوئی نئیں سگدا

نال وسنڈڑے سنہڑیں آن کبھی تاں پردہ اٹھایا کر

ساڑ حجاب فراق دا لطفوں وصل دا جام پلایا کر

میں انڑ سوہیں راہ کنڈ بلا رُلدی پھر دی جنگل بیلا

تو نڑیں ہووے وقت کویلا ساڈے نال الایا کر

رب رسول سنجاتم تینوں حق جانڑ دا جانم تینوں

جو کجھ پاتم پاتم تینوں کجھ انصاف تاں پایا کر

ہاں مقتول نگاہ پراناں بے دس تیڈے راہ وکانڑاں

تو نڑیں رکھدیں لکھ بہانڑاں ساکوں نال بلہایا کر

مہروں آپ بلا کر مینوں قہروں خاص جلا کر مینوں

آ وچ خاک ملا کر مینوں پیریں نال لتاڑیا کر

فرد فریدالدّین کوں ڈہدیں نازک حق آئیں کوں ڈہدیں

